رجسٹرڈ بی سی نمبر 12
قیمت 10 روپے
MEMBER OF APNS
A.B.C Certified
کوئٹہ، اسلام آباد اور حب سے بیک وقت شائع ہونیوالا بلوچستان کا واحد کثیرالاشاعت روزنامہ
روزنامہ عوام کوئٹہ
DAILY AWAM QUETTA
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
جلد 38 | پیر 15 ربیع الثانی 1448ھ | 28 ستمبر 2026ء | فون نمبر 2832244-2829384 فیکس 2832255 | شمارہ 76

میر سرفراز بگٹی نے شعبان سمیت نوشکی اور مند میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں کو سراہا

بلوچستان میں 71 سے زائد دہشتگردوں کا کیا خاتمہ جنگ جاری رہے گی

وزیراعلیٰ بلوچستان

سیکورٹی فورسز نے دہشتگردوں کے ٹھکانوں کو مؤثر انداز میں نشانہ بنا کر مقامی آبادی کو درپیش خطرات میں نمایاں کمی کی ہے، دہشتگرد عناصر اپنے مذموم عزائم کے ذریعے بلوچستان میں بدامنی پیدا نہیں کر سکتے، سرفراز بگٹی

قومی ایکشن پلان کے تحت ''عزمِ استحکام'' کے وژن کے مطابق دہشتگردی کیخلاف قومی عزم غیر متزلزل ہے، قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیوں اور کاوشوں سے امن کے قیام کی کوششیں جاری رہیں گی، بیان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع کوئٹہ کے علاقے شعبان سمیت نوشکی اور مند میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں قوم کے لیے باعثِ فخر ہیں۔ وزیراعلیٰ میر (بقیہ نمبر 36 صفحہ 6 پر)

آئی ایم ایف کے ساتھ باضابطہ مذاکرات آج سے شروع ہوں گے

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور بین الاقوامی (بقیہ نمبر 40 صفحہ 6 پر)

وزیراعظم شہباز شریف کا خطاب فلسطینی مشن نے سوشل میڈیا پر نمایاں کر دیا

وزیراعظم شہباز شریف نے جنرل اسمبلی سے خطاب میں فلسطین کا خصوصی ذکر کیا، فلسطینی مشن

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کے جنرل اسمبلی سے خطاب کے الفاظ کو اقوام متحدہ میں فلسطینی مشن نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر نمایاں کر دیا۔ فلسطینی (بقیہ نمبر 39 صفحہ 6 پر)

لاہور؛ وفاقی وزیر ریلویز حنیف عباسی اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاک بحریہ کی پہلی کامیاب لائیو وپن فائرنگ طویل فاصلے تک مار کرنے والا اینٹی شپ کروز میزائل داغ دیا

زیر آب جنگی صلاحیتوں میں مسلسل اضافہ آپریشنل تیاری اور قابلِ اعتماد دفاعی صلاحیت کے لیے ناگزیر ہے، نیول چیف

راولپنڈی/اسلام آباد (این این آئی) پاک بحریہ کی آبدوز ہنگور نے شمالی بحیرہ عرب میں پہلی لائیو وپن فائرنگ کامیابی سے مکمل کر لی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پاک بحریہ کی آبدوز ہنگور نے شمالی بحیرہ عرب میں پہلی لائیو وپن فائرنگ کامیابی سے مکمل کی اور پی این ایس / (بقیہ نمبر 38 صفحہ 6 پر)

پی این ایس /ایم ہنگور نے طویل فاصلے تک مار کرنے والا اینٹی شپ کروز میزائل کامیابی سے فائر کیا، آئی ایس پی آر

پی ٹی آئی مارچ کی تاریخ پھر تبدیل ہوگی، یہ تاریخ پر تاریخ والا معاملہ ہے، گورنر خیبر پختونخوا

سہیل آفریدی جا رہے ہیں یا کوئی اور آ رہا ہے، پارٹی ترجمان ہی بتا سکتے ہیں، فیصل کریم کنڈی

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی مارچ کی تاریخ پھر تبدیل ہوگی، یہ تاریخ پر تاریخ والا معاملہ ہے۔ میڈیا سے (بقیہ نمبر 27 صفحہ 6 پر)

سیکورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بلوچستان میں بڑی کارروائیاں

96 گھنٹوں میں 71 سے زائد دہشتگرد مارے گئے، متعدد ٹھکانے تباہ

صدر اور وزیراعظم کا دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین

آپریشنز کے دوران شعبان، زیارت، نوشکی، مند سمیت دیگر علاقوں میں 71 دہشت گرد ہلاک، قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ، ایمونیشن، گولہ بارود برآمد کر کے ان کے ٹھکانوں کو تباہ کر دیا

دہشتگردی کیخلاف جنگ عزمِ استحکام کے وژن کے تحت بھرپور عزم سے جاری، فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ملک سے غیر ملکی معاونت یافتہ دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پرعزم ہیں، آئی ایس پی آر

غیر ملکی سرپرستی اور معاونت سے ہونے والی دہشتگردی کے مکمل خاتمے کیلئے کارروائیاں جاری رہیں گی، جنگ میں سیکورٹی فورسز کی قربانیاں اور خدمات قوم کے لیے باعث فخر ہیں، صدر زرداری/شہباز شریف

کوئٹہ (آن لائن) سیکورٹی فورسز کی جانب سے فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے ٹھکانوں کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران شعبان، زیارت، نوشکی (بقیہ نمبر 42 صفحہ 6 پر)

کوئٹہ /راولپنڈی (این این آئی) بلوچستان میں سیکورٹی فورسز کی دہشتگردوں نے بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے خلاف آپریشن تیز کر دیا ہے، (بقیہ نمبر 43 صفحہ 6 پر)

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکورٹی فورسز کو خراج (بقیہ نمبر 44 صفحہ 6 پر)

سیکورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بلوچستان میں بڑی کارروائیاں

96 گھنٹوں میں 71 سے زائد دہشتگرد مارے گئے، متعدد ٹھکانے تباہ

صدر اور وزیراعظم کا دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین

آپریشنز کے دوران شعبان، زیارت، نوشکی، مند سمیت دیگر علاقوں میں 71 دہشت گرد ہلاک، قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ، ایمونیشن، گولہ بارود برآمد کر کے ان کے ٹھکانوں کو تباہ کر دیا

دہشتگردی کیخلاف جنگ عزمِ استحکام کے وژن کے تحت بھرپور عزم سے جاری، فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ملک سے غیر ملکی معاونت یافتہ دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پرعزم ہیں، آئی ایس پی آر

غیر ملکی سرپرستی اور معاونت سے ہونے والی دہشتگردی کے مکمل خاتمے کیلئے کارروائیاں جاری رہیں گی، جنگ میں سیکورٹی فورسز کی قربانیاں اور خدمات قوم کے لیے باعث فخر ہیں، صدر زرداری/شہباز شریف

کوئٹہ (آن لائن) سیکورٹی فورسز کی جانب سے فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے ٹھکانوں کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران شعبان، زیارت، نوشکی (بقیہ نمبر 42 صفحہ 6 پر)

کوئٹہ /راولپنڈی (این این آئی) بلوچستان میں سیکورٹی فورسز کی دہشتگردوں نے بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے خلاف آپریشن تیز کر دیا ہے، (بقیہ نمبر 43 صفحہ 6 پر)

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکورٹی فورسز کو خراج (بقیہ نمبر 44 صفحہ 6 پر)

نئے سعودی سفیر ڈاکٹر راجح پاکستان پہنچ گئے، آج اپنی ذمہ داریاں سنبھالیں گے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے لیے نامزد سعودی سفیر ڈاکٹر راجح بن طامی الشمری پاکستان پہنچ گئے، وہ پیر سے اپنی ذمہ داریاں سنبھالیں گے۔ سفارتی ذرائع (بقیہ نمبر 47 صفحہ 6 پر)

اقوام متحدہ ہیڈ کوارٹرز کے باہر کشمیری امریکی کمیونٹیز کے زیر اہتمام احتجاجی مظاہرہ

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کے ہیڈ کوارٹرز کے باہر ورلڈ کشمیر اویئرنس فورم اور نیویارک و واشنگٹن میٹروپولیٹن علاقوں کی کشمیری امریکی کمیونٹیز کے زیر اہتمام (بقیہ نمبر 48 صفحہ 6 پر)

وزارت اطلاعات کے نوشتے جوڑنے کے الزامات بے بنیاد ہیں

افغان طالبان کے نورستان میں تشدد پاکستان سے کے تت بنیاد

افغان سرزمین پر دہشتگردوں کی موجودگی نہیں چھپا سکتیں، افغان سرزمین پر دہشتگرد گروہوں کو محفوظ پناہ گاہیں اور سازگار ماحول حاصل ہے

ویڈیو میں چند غیر مسلح افراد دکھائے گئے، افراد مناسب لباس یا ساز و سامان سے بھی لیس نہیں، ویڈیو طے شدہ انداز میں بنائی گئی لگتی ہے، اعلامیہ جاری

اسلام آباد (این این آئی) وزارت اطلاعات و نشریات نے فیک چیک کرتے ہوئے افغان طالبان رجیم کے نورستان میں مبینہ تشدد کو پاکستان سے جوڑنے کے الزامات کو بے بنیاد قرار دیدیا۔ وزارت اطلاعات کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ افغان طالبان رجیم کے نورستان میں مبینہ تشدد کو پاکستان سے جوڑنے کے الزامات بے بنیاد ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ پاکستان افغان سیکیورٹی فورسز یا انٹیلی جنس اداروں کے الزامات کو مسترد کرتا ہے، افغانستان کے اندرونی جھڑپوں میں ملوث ہونے کے الزامات مسترد کرتے ہیں۔ وزارت اطلاعات نے کہا کہ (بقیہ نمبر 46 صفحہ 6 پر)

نیپرا کی بلند عمارتوں اور صنعتی صارفین کیلئے نئے گرڈ شیئرنگ چارجز کی تجویز

اسلام آباد (این این آئی) نیپرا نے بلند عمارتوں اور صنعتی صارفین کیلئے نئے گرڈ شیئرنگ چارجز کی تجویز پیش کر دی۔ پاکستان کے بجلی کے ریگولیٹر نے تجویز دی ہے کہ ایسی بلند عمارتوں کے مالکان، جنہیں 500 کے وی اے سے زیادہ گنجائش والے ٹرانسفارمرز درکار ہوں، گرڈ شیئرنگ چارجز ادا کرنے کے ذمہ دار ہوں گے۔ اس کے علاوہ صنعتی صارفین کو مجموعی طور (بقیہ نمبر 49 صفحہ 7 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کو 21 ویں نیشنل ڈرکشاپ بلوچستان کی اختتامی تقریب کے موقع پر بریگیڈیئر خاقان یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

شفافیت ہی عوامی اعتماد کے فروغ کے لیے معلومات تک آسان رسائی یقینی بنانا ہوگی، وزیراعظم

معلومات تک رسائی بنیادی جمہوری حق، درست اور بروقت معلومات کی فراہمی ریاستی اداروں کی ذمہ داری ہے، شہباز شریف

ڈیجیٹل دور میں غلط و گمراہ کن معلومات کا پھیلاؤ بڑا چیلنج، مستند معلومات اور حقائق کی جانچ سے معلوماتی انتشار کا مقابلہ کیا جا سکتا ہے، پیغام

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے معلومات تک رسائی کے عالمی دن کے موقع پر کہا ہے کہ درست، بروقت اور قابلِ اعتماد معلومات تک رسائی ہر شہری کا بنیادی جمہوری حق اور شفاف، جوابدہ و باخبر معاشرے کی فراہمی، شفافیت، حقائق کے لیے مستند معلومات کی بنیاد ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل دور میں غلط اور گمراہ کن معلومات کا تیزی سے پھیلاؤ ایک بڑا چیلنج بن چکا ہے، جس سے نمٹنے کی جانچ اور ذمہ دارانہ (بقیہ نمبر 50 صفحہ 7 پر)

بیرسٹر امجد ملک کی دعوت پر پنجاب بار کونسل کے وفد کا دورہ برطانیہ

اوورسیز پاکستانیوں کو قانونی سہولیات کی فراہمی کیلئے باہمی تعاون پر اتفاق

راچڈیل (این این آئی) اوورسیز پاکستانیز کمیشن پنجاب اور پنجاب بار کونسل نے اوورسیز پاکستانیوں کو قانونی سہولیات کی فراہمی کیلئے باہمی تعاون پر اتفاق کرتے ہوئے کہا ہے کہ پنجاب کے تمام اضلاع میں اوور سیز پاکستانیوں کو سول، فوجداری، خاندانی (بقیہ نمبر 51 صفحہ 7 پر)

اسلام آباد، خیر آباد کے مقام پر جی ٹی روڈ ٹریفک کے لیے کھول دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں خیر آباد کے مقام پر جی ٹی روڈ ٹریفک کے لیے کھول دیا گیا۔ ذرائع موٹروے پولیس کے مطابق موٹروے ایم ون سے رکاوٹیں (بقیہ نمبر 52 صفحہ 7 پر)

افغان نستاہ میں طالبان رجیم کے خلاف مزاحمت کا دائرہ وسیع، مسلح کارروائیوں میں تیزی

افغانستان میں طالبان رجیم کے خلاف مزاحمت کا دائرہ وسیع ہونے لگا، جبکہ مسلح کارروائیوں میں بھی تیزی اور شدت دیکھنے میں آئی ہے

فریڈم فرنٹ کے جنگجوؤں نے افغان طالبان رجیم کے حملے ناکام بنانے کے ساتھ بڑے جوابی حملے شروع کر دیے، دونوں اضلاع میں شدید جھڑپیں جاری

کابل (این این آئی) افغانستان میں طالبان رجیم کے خلاف مزاحمت کا دائرہ وسیع ہونے لگا، جبکہ مسلح کارروائیوں میں بھی تیزی اور شدت دیکھنے میں آئی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق افغانستان فریڈم فرنٹ نے نورستان اور کنڑ میں طالبان رجیم کی متعدد چوکیوں پر قبضہ کر لیا (بقیہ نمبر 53 صفحہ 7 پر)

اسلام آباد، لانگ مارچ موخر ہونے کے باوجود کنٹینرز کی تعداد میں اضافہ

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف کی جانب سے 27 ستمبر کے لانگ مارچ کی کال موخر کیے جانے کے بعد بھی اسلام آباد کے ریڈ زون کے اطراف کنٹینرز کی (بقیہ نمبر 55 صفحہ 7 پر)

آبدوز ہنگور کی پہلی کامیاب لائیو وپن فائرنگ، چیئرمین سینیٹ کی پاک بحریہ کو مبارکباد

آبدوز کی کامیابی ملکی بحری دفاعی صلاحیتوں میں اہم اضافہ ہے، یوسف رضا گیلانی

اسلام آباد (آن لائن) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے پاک بحریہ کی نئی آبدوز ہنگور کی پہلی کامیاب عملی ہتھیار آزمائش پر پاک بحریہ کے افسران، جوانوں اور پوری قوم کو مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے بیان میں سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ آبدوز ہنگور کی (بقیہ نمبر 54 صفحہ 7 پر)

پاکستان ملائیشیا حلال سرٹیفکیشن میں آہنگی اور غذائی تحفظ کے فروغ پر اتفاق

پاکستانی چاول سمیت حلال زرعی و غذائی مصنوعات کی ملائیشین مارکیٹ تک رسائی بڑھانے کے لیے تعاون مضبوط بنانے کا فیصلہ

پاک ملائیشیا زرعی شراکت داری کو نئی وسعت، مسلسل ادارہ جاتی رابطے کے لیے نومبر میں مشترکہ ورچوئل اجلاس ہوگا

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور ملائیشیا نے چاول کی برآمدات میں اضافے، حلال سرٹیفکیشن کے معیارات میں ہم آہنگی اور غذائی تحفظ کے شعبے میں دوطرفہ تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا ہے۔ کوالالمپور میں ہونے والی اعلیٰ سطحی ملاقاتوں کے دوران دونوں (بقیہ نمبر 56 صفحہ 7 پر)

کوشش ہوگی کہ لانگ مارچ 4 اکتوبر سے آگے نہ جائے، جنید اکبر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف خیبر پختونخوا کے صدر جنید اکبر نے کہا ہے کہ ہماری کوشش ہوگی کہ لانگ مارچ 4 اکتوبر سے آگے نہ جائے تاہم ہم اپنے فیصلوں میں با اختیار ہیں کہ مارچ کب اور کیسے کرنا ہے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہماری کوشش ہوگی کہ لانگ مارچ 4 اکتوبر سے آگے نہ جائے (بقیہ نمبر 57 صفحہ 7 پر)

اسلام آباد؛ قائمقام چیئرمین سینیٹ سید دال خان سے سردار عبدالرحمٰن کھیتران کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

کراچی؛ تاباني گروپ آف کمپنیز کے چیئرمین وسی ای او حمزہ تاباني کی جانب سے دیئے گئے ظہرانے میں گورنر سندھ سید نہال ہاشمی، چیئرمین سینیٹ سید یوسف گیلانی و دیگر شریک ہیں

خیبر پختونخوا حکومت، گورنر راج لگانے کی تمام شرائط پر پورا اترتی ہے، رانا ثناءاللہ

خیبر پختونخوا حکومت آئین اور قانون کے مطابق نہیں چلائی جا رہی، مشیر وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناءاللہ نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج کا آپشن موجود ہے تاہم اس پر ابھی تک کوئی فیصلہ نہیں ہوا۔ ایک انٹرویو میں رانا ثناءاللہ نے کہا کہ وفاقی حکومت آئینی طور پر کسی بھی صوبے میں جن وجوہات کی بنیاد پر گورنر راج لگا سکتی ہے، خیبر پختونخوا حکومت ان تمام شرائط پر پورا اترتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 45 صفحہ 6 پر)

میر سرفراز بگٹی کی آبدوز پی این ایس ایم ہنگور کے پہلے مکمل براہ راست ہتھیاروں کے تجربے پر مبارکباد

پاکستان کی مسلح افواج ملک کے دفاع اور قومی سلامتی کے تحفظ کے لیے ہر طرح کے چیلنجز سے نمٹنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں

قوم کو اپنی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور دفاع وطن کے لیے ان کی خدمات پر فخر ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان کا بیان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پاکستان بحریہ اور اس کی قیادت کو نئی شامل کی جانے والی آبدوز پی این ایس/ایم ہنگور کے پہلے کامیاب براہ راست ہتھیاروں کے تجربے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ اینٹی شپ کروز میزائل کے ذریعے طویل فاصلے پر موجود ہدف کو درستگی کے ساتھ نشانہ بنانا پاکستان بحریہ کی آبدوز فورس کی غیر معمولی آپریشنل تیاری، پیشہ ورانہ (بقیہ نمبر 49 صفحہ 6 پر)

سہیل آفریدی کا بونیر کا مکمل دورہ، پی ٹی آئی بھی وزیراعلیٰ کے تھامے سٹیئرنگ ہوئے

حالات خراب کرنے کے بجائے ملک کو معمول پر لانے کے لیے کوششیں کرنا ہوں گی، چیئرمین پی ٹی آئی

ملک کے مفاد میں سیاسی قوتوں کو تحمل اور ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا چاہیے، موجودہ صورتحال کو مزید کشیدگی کی جانب جانے سے روکا جا سکے

اسلام آباد (آن لائن) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی کو بانی پی ٹی آئی کا مکمل اعتماد حاصل ہے، وزیراعلیٰ کی مکمل حمایت کرے گی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ موجودہ حالات میں سب کو یہ سمجھنے کی ضرورت ہے کہ صورتحال کو مزید خراب کرنے کا وقت نہیں بلکہ ملک کے حالات بہتر بنانے کے لیے کوششیں (بقیہ نمبر 50 صفحہ 6 پر)

امریکی کانگریس میں پاکستان کاکس کے چیئرمین کانگریس مین نام شوازی اور ماہر امور خارجہ محمد مہدی ملاقات کر رہے ہیں

سائبر کرائم کرنے والا چاہے کہیں بھی بیٹھا ہو، اسے قانون کی گرفت میں لانا ہے، محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ سائبر کرائم کرنے والا چاہے کہیں بھی بیٹھا ہو، اسے قانون کی گرفت میں لانا ہے۔ اتوار کو وزیر داخلہ محسن نقوی نے این سی سی آئی اے سینٹرل زون ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کیا۔ محسن نقوی نے سائبر کرائمز کے خلاف جاری آپریشنز اور تحقیقات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے شہریوں کی شکایات سے لے کر تفتیش اور (بقیہ نمبر 51 صفحہ 6 پر)

خیبر پختونخوا کے عوام کو اعتماد میں لیے بغیر امن کا قیام ممکن نہیں، سہیل آفریدی

قیام امن کیلئے پولیس کو 35 ارب روپے کے فنڈز فراہم کیے ہیں اور حکومت دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پوری طرح سنجیدہ ہے، میڈیا سے گفتگو

ڈیرہ اسماعیل خان (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے درازندہ میں گزشتہ روز ہونے والے دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کے عوام کو اعتماد میں لیے بغیر امن کا قیام ناممکن ہے۔ ڈیرہ اسماعیل خان میں سابق وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کے گھر الاٹ ہاؤس میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے سہیل آفریدی نے کہا کہ پاکستان کے (بقیہ نمبر 52 صفحہ 6 پر)

پاک حج ایپ پر عازمین حج کی سہولت کے متعدد نئے فیچرز متعارف

اسلام آباد (این این آئی) وزارت مذہبی امور نے پاک حج ایپ پر عازمین حج کی سہولت کے متعدد فیچرز متعارف کروا دیے اس حوالے سے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق (بقیہ نمبر 53 صفحہ 6 پر)

وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی کی ہدایات

اسلام آباد میں تین جدید اسپورٹس ایرینز کے قیام کا فیصلہ

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی کی ہدایات اور چیئرمین سی ڈی اے کی نگرانی میں وفاقی دارالحکومت کے شہریوں کو عالمی معیار کی کھیلوں اور تفریحی سہولیات فراہم کرنے کے لیے تین جدید اسپورٹس ایرینز قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے (بقیہ نمبر 54 صفحہ 6 پر)

پاکستان کان، افغانستان لبنان ڈیورنڈ لائن فضائی حدود کی خلاف ورزی پر شدید احتجاج

پاکستانی حدود میں دہشت گردی کے واقعات اور سرحدی خلاف ورزیوں کو برداشت نہیں کیا جائے گا، پاکستان کا واضح پیغام

افغانستان سے پاکستان کے خلاف کارروائیوں کی روک تھام کے لیے موثر اقدامات کا مطالبہ کیا گیا ہے، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے 23 ستمبر کو پاکستانی فضائی حدود کی خلاف ورزی اور افغانستان سے ہونے والے حالیہ دہشت گردی کے واقعات پر افغان طالبان حکومت کو سخت احتجاج ریکارڈ کراتے ہوئے ڈی مارش حوالے کر دیا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان کی جانب سے یہ ڈی مارش گزشتہ روز افغان حکام کے حوالے کیا گیا جس میں افغان سرزمین سے دہشت گردی کے حالیہ واقعات، سرحدی دراندازی اور پاکستانی فضائی (بقیہ نمبر 55 صفحہ 6 پر)

مطالبات تسلیم ہوئے تو ملتان سے ہی نگ سپرلا مارچ شروع کریں گے، نعیم حافظ

جماعت اسلامی کا کوئی ذاتی ایجنڈا نہیں، ہماری جدوجہد صرف عوام کے حقوق کے لیے ہے۔ 5 اسٹار چورنگی پر قائم کیمپ کا دورہ و میڈیا سے گفتگو

کراچی سمیت پورے پاکستان میں احتجاجی کیمپ قائم ہیں، کروڑوں عوامی محضر ناموں کے ساتھ اسلام آباد کی جانب مارچ کیا جائے گا، امیر جماعت اسلامی

کراچی (آن لائن) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ پیٹرولیم لیوی، مہنگی بجلی، آئی پی پیز کے معاہدوں اور مہنگائی کے خلاف جماعت اسلامی کی احتجاجی تحریک جاری ہے، ہم نے احتجاجی تحریک ختم نہیں بلکہ موخر کی ہے، حکومت نے عوام کے مطالبات (بقیہ نمبر 56 صفحہ 6 پر)

لاہور؛ وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک اپنے حلقے کے دورہ کے موقع پر اہل علاقہ سے ملاقات کر رہے ہیں

کوہاٹ پولیس لائنز حملہ، دہشتگردوں کی ریکی اور سہولت کاری کے شواہد سامنے آ گئے

پشاور (این این آئی) کوہاٹ میں پرانی پولیس لائنز پر خودکش حملے سے متعلق محکمہ انسداد دہشتگردی کی تفتیشی ٹیم کی رپورٹ میں دہشت گردوں کی جانب سے حملے سے قبل کئی بار ریکی اور سہولت کاروں کی مدد حاصل کرنے کے شواہد سامنے آئے ہیں۔ تفتیشی حکام کے مطابق دہشتگردوں نے پولیس لائنز تک پہنچنے کے لیے (بقیہ نمبر 40 صفحہ 7 پر)

وزیر خزانہ کی ڈی آئی خان میں کسٹمز جوائنٹ چیک پوسٹ پر دہشتگرد حملے کی مذمت

دہشتگردی کے خلاف پوری قوم متحد ہے، امن و سلامتی کے لیے کوششیں جاری رہیں گی، سینیٹر اورنگزیب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے ڈی آئی خان کے امان میلہ میں کسٹمز جوائنٹ چیک پوسٹ پر دہشتگرد حملے اور کسٹمز و دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں کی شہادت کی شدید مذمت کرتے ہوئے دہشتگرد حملے (بقیہ نمبر 48 صفحہ 7 پر)

دکی، 18 مزدور مبینہ طور پر اغوا، تعلق پنجاب کے علاقے رحیم یار خان سے ہے

مغوی مزدوروں کی بحفاظت بازیابی کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں، اہل خانہ

رحیم یار خان (آن لائن) بلوچستان کے ضلع دکی میں دہشت گردوں کی جانب سے سڑک تعمیر کرنے والی نجی کمپنی کے کیمپ پر حملے کے دوران 18 تعمیراتی مزدوروں کو مبینہ طور پر اغوا کیے جانے کی اطلاع ہے۔ اطلاعات کے مطابق مغوی مزدوروں میں 8 کا تعلق رحیم (بقیہ نمبر 47 صفحہ 7 پر)

عمرہ ویزے کی آڑ میں خواتین کے جنسی استحصال کی کوشش ناکام، ایجنٹ گرفتار

خاتون فلائٹ نمبر ایس وی 801 کے ذریعے عمرہ ویزے پر سعودی عرب جا رہی تھی، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) ایف آئی اے امیگریشن نے ملتان ایئرپورٹ پر کارروائی کرتے ہوئے عمرہ ویزے کی آڑ میں خاتون کے جنسی استحصال کی کوشش ناکام بنا دی۔ ترجمان کے مطابق خاتون مسافر الیشہ بی بی کی نشاندہی پر امجد نامی ایجنٹ کو گرفتار کر لیا گیا۔ (بقیہ نمبر 46 صفحہ 7 پر)

اسلام آباد؛ قائمقام چیئرمین سینیٹ سید دال خان سے رکن قومی اسمبلی فرح ناز اکبر ملاقات کر رہی ہیں

بلوچستان میں 71 سے زائد دہشت گردوں کا خاتمہ بڑی کامیابی ہے، چیئرمین سینیٹ

آپریشن شعبان سمیت مختلف کارروائیاں سیکورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیت اور بہادری کا ثبوت ہیں، یوسف رضا گیلانی

اسلام آباد (آن لائن) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے بلوچستان میں دہشت گرد عناصر کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اپنے بیان میں چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ آپریشن شعبان سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں 71 سے (بقیہ نمبر 45 صفحہ 7 پر)

برطانیہ: امریکی فضائی اڈے کے قریب دھماکہ خیز مواد کے قانون کے تحت متعدد افراد گرفتار

احتیاطی طور پر ویلفورڈ کے بعض مکانات خالی کرا لیے گئے، فوج کی بم ڈسپوزل ٹیم نے گاڑیوں کی جانچ کی

لندن (آن لائن) جنوب مغربی برطانیہ میں امریکی فضائیہ کے زیر استعمال آر اے ایف فیئر فورڈ ایئربیس کے قریب پولیس نے دھماکہ خیز مواد سے متعلق قانون کے تحت متعدد افراد کو حراست میں لے لیا۔ برطانوی میڈیا کے مطابق واقعے کی سنگینی کے پیش نظر (بقیہ نمبر 44 صفحہ 7 پر)

تحریک انصاف کے 26 نومبر احتجاج پر درج مقدمے کا فیصلہ آج سنایا جائے گا

آج سوموار کو تمام بقیہ ملزمان کے 342 کے بیان جمع کروائے جائیں، جج طاہر عباس سپرا

اسلام آباد (آن لائن) انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد پاکستان تحریک انصاف کے 26 نومبر احتجاج پر درج مقدمے کا فیصلہ آج پیر 28 ستمبر کو سنائے گی۔ جج طاہر عباس سپرا نے کیس پر سماعت کی۔ مقدمے میں نامزد ایک ملزم (بقیہ نمبر 43 صفحہ 7 پر)

افغانستان سے سری لنکا اسمگل کی جانے والی 2 کروڑ 10 لاکھ ڈالرز کی منشیات پکڑی گئی

افغانستان میں منشیات کی تجارت کاشت سے بڑھ کر خفیہ کیمیائی لیبارٹریوں تک پھیل چکی ہے، رپورٹ

کابل (این این آئی) افغانستان دنیا بھر میں کرسٹل میتھ (آئس) کی بڑھتی پیداوار اور اسمگلنگ کے خطرناک مراکز میں شامل ہو گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق افغانستان پڑوسی ممالک کو منشیات کی علاقائی اور عالمی ترسیل کیلئے اہم راستوں میں تبدیل کر رہا ہے، (بقیہ نمبر 42 صفحہ 7 پر)

پی آئی اے کے فضائی میزبانوں کے سگریٹ اسمگلنگ میں ملوث ہونے کا انکشاف

حکام کی جانب سے فلائنگ ڈیوٹی سگریٹ لے جانے پر نئی پابندی عائد کر دی گئی، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز (پی آئی اے) کے فضائی میزبانوں کے سگریٹ اسمگلنگ میں ملوث ہونے کا انکشاف ہوا ہے، جس کے بعد دورانِ فلائنگ ڈیوٹی سگریٹ لے جانے پر نئی پابندی عائد کر دی گئی۔ پی آئی اے کی جانب سے جاری سرکلر کے (بقیہ نمبر 41 صفحہ 7 پر)

روزنامہ عوام
MEMBER OF APNS
ایڈیٹر انچیف
وسیم احمد

انچارج شعبہ
کھیلوں کی دنیا

☆☆☆☆ لاہور؛ پاک چائینہ فرینڈ شپ گیمز کے چوتھے روز روتاتی پی کے فائنل مقابلے کا منظر☆☆☆☆

بصلاحیت کرکٹرز کی کوچنگ، تعلیمی سہولیات کی فراہمی ترجیح ہے، عاطف رانا

محسن نقوی کی وژن قابل تعریف ہے، بی او او لاہور قلندرز کی میڈیا بریف بات چیت

اسلام آباد (این این آئی) لاہور قلندرز کے چیف ایگزیکٹو عاطف رانا نے کہا ہے کہ بصلاحیت کرکٹرز کی کوچنگ، ٹریننگ اور تعلیم کی یکساں سہولیات فراہم کرنا ہی ترجیح ہے، اس بارے بہترین بی پی ایل سیزن کی وژن قابل تعریف ہے۔ خصوصی کنٹریکٹ میں عاطف رانا نے یونیورسٹی آف ایجوکیشن ایتھلیٹس کی کیساتھ جو ڈیلے ایم او یو اور شراکت داری کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ باہمی تعاون نوجوان کرکٹرز کیلئے میدان کے اندر اور باہر دونوں جگہوں پر آگے بڑھنے کی بڑی راہیں ہموار کریگا۔ عاطف رانا نے تعلیم اور کرکٹ کے درمیان مؤثر توازن پیدا کرنے سے متعلق پی پی ای کے بہتر ہیں راہیں اور ایجوکیشن کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے لیے ہر کھلاڑی صرف ایک کرکٹر نہیں بلکہ ایک طالبعلم بھی ہے اور ہم چاہتے ہیں کہ وہ کرکٹ کے ساتھ ساتھ اپنی تعلیم پر بھی توجہ دے۔ ہم ایسے ماحول کی فراہمی پر کام کر رہے ہیں جہاں کھلاڑی کو کرکٹ اور تعلیم دونوں میں سپورٹ ملے۔ ہمارا مقصد صرف بہتر کرکٹرز تیار کرنا نہیں بلکہ ذمہ دار، پڑھے لکھے اور مضبوط کردار کے نوجوان بھی تیار کرنا ہے۔ ہم کھلاڑیوں کو ایسا ماحول دینا چاہتے ہیں جہاں وہ کرکٹ کے ساتھ ساتھ اپنی تعلیم کو بھی اہمیت دے سکیں۔ ہم نے کھلاڑیوں کی ذہنی صحت، ان کی تعلیم اور ان کے مستقبل کے لیے ایک مضبوط نظام بنانے کی کوشش کی ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے کھلاڑی صرف میدان میں ہی نہیں بلکہ زندگی کے ہر شعبے میں بہتر انسان بن کر سامنے آئیں۔ ہم ایسے کھلاڑی تیار کرنا چاہتے ہیں جو کل کو ملک کی قیادت کر سکیں، جو اچھے شہری بنیں اور جو اپنے شعبے میں مثال قائم کری

روزنامہ عوام کوئٹہ
MEMBER OF APNS
A.B.C Certified
ایڈیٹر انچیف
وسیم احمد
کوئٹہ اور حب سے بیک وقت شائع ہونیوالا بلوچستان کا واحد کثیر الاشاعت روزنامہ

روس اور یوکرین میں پھر خونریز جھڑپیں، 16 افراد ہلاک، متعدد زخمی

روسی حملوں میں سومی، زاپوریژیا اور دنیپر و پیٹروو سک میں 6 افراد مارے گئے، یوکرینی حملوں میں کراسنودار اور بیلگورود کے علاقوں میں 4 افراد ہلاک ہوئے، روسی حکام

جانب سے حملوں میں کم از کم 16 افراد ہلاک ہوگئے۔ روس اور یوکرین دونوں نے اپنے اپنے علاقوں میں ہونے والی ہلاکتوں کی تصدیق کی ہے۔ یوکرین کے مطابق روسی حملوں میں شمال مشرقی علاقے سومی، زاپوریژیا اور دنیپر و پیٹروو سک میں کم از کم 6 افراد مارے گئے، جن میں ایک 17 سالہ لڑکی بھی شامل ہے۔ دارالحکومت کیف میں بھی روسی حملے کے نتیجے میں متعدد افراد زخمی ہوئے۔ جبکہ اس سے ایک روز قبل شہر میں ہونے والے حملے میں 7 افراد ہلاک ہوئے تھے۔ دوسری جانب روس نے دعویٰ کیا کہ یوکرینی حملوں میں کراسنودار اور بیلگورود کے علاقوں میں 4 افراد ہلاک ہوئے۔ ماسکو کی جانب سے مقرر کردہ گورنر کی سرکاری ایجنسی نووا نے بتایا کہ یوکرینی ڈرون نے کریمسکی ضلع میں ایک کثیر المنزلہ رہائشی عمارت کو نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں ایک شخص ہلاک اور 7 افراد زخمی ہوئے۔ واقع کی تحقیقات جاری ہیں۔

امارات نے اسرائیل کو 7 اکتوبر کے حملے سے پہلے خبردار کیا تھا، امریکی اخبار

ابوظہبی (این این آئی) ابوظہبی نے اسرائیل کو 7 اکتوبر کو حماس کے حملے سے پہلے خبردار کیا تھا، امریکی اخبار نے اسرائیلی میڈیا کی خبر کی تصدیق کردی۔ امریکی اخبار نے بتایا کہ ابوظہبی کے صدر نے نیتن یاہو کو خون ریز حملے سے خبردار کیا تھا۔ (بقیہ نمبر5 صفحہ 6)

سعودی عرب پرائیویٹائز کیے جانے والے اسٹیشنوں کے ملازمین کے لیے ملازمت کی منظوری

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں ٹرانسپورٹ اور لاجسٹکس سیکٹر فار پرائیویٹائزیشن نے وزراء کونسل کے فیصلے پر عمل کرتے ہوئے نیشنل (بقیہ نمبر6 صفحہ 6)

یوکرین کے صدر کا ترکیہ کا دورہ، دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال

کیف / ماسکو (این این آئی) روس اور یوکرین کے درمیان جاری جنگ میں ایک بار پھر ثالثی میں تیزی آگئی ہے اور گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران دونوں

ایران کی بینکاری شعبے پر دباؤ بڑھانے اور تجارتی سرگرمیوں کو محدود کرنے کی امریکی کوشش ناکام

ایران کی فضائی اور مالی رسائی محدود کرنے کا مشن، امریکی حکام نے مختلف ممالک سے رابطہ کرکے ایران کے ساتھ اقتصادی روابط محدود کرنے کے لیے اقدامات پر زور دیا، اسکاٹ بیسنٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزیر خزانہ اسکاٹ بیسنٹ نے دعویٰ کیا ہے کہ واشنگٹن کی کوشش ہے ایران کو معاشی طور پر حالتی طور پر تنہا کرنے کی کوشش کی جائے۔ امریکی حکام نے مختلف ممالک سے رابطے کرکے ایران کے ساتھ اقتصادی روابط محدود کرنے کے لیے اقدامات پر زور دیا ہے۔ اسکاٹ بیسنٹ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر کہا کہ ایران کی جارحیت پر امریکی صدر نے دنیا کے مختلف ممالک کا دورہ کیا اور ایرانی حکومت کے خلاف اقدامات پر زور دیا۔ امریکی وزیر خزانہ نے بتایا کہ ٹرمپ انتظامیہ نے ایرانی تیل برآمد کرنیوالی کمپنیوں پر پابندیاں عائد کی ہیں۔ امریکی وزیر خزانہ نے کہا کہ ایران کی معیشت کو نشانہ بنانے کی کوشش کی جائے گی۔ (بقیہ نمبر7 صفحہ 6)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کی 21 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء کے ساتھ گروپ فوٹو

لائٹلی جزائر میں 5.5 شدت کا زلزلہ

بیجنگ (این این آئی) لائٹلی جزائر میں ہفتہ کو 5.5 شدت کا زلزلہ آیا۔ جرمن ریسرچ سینٹر فار جیو سائنسز (جی ایف زیڈ) کے مطابق زلزلہ پاکستانی وقت کے مطابق صبح تقریباً 6 بج کر 10 منٹ پر آیا۔ زلزلے کا مرکز زمین میں 10 کلومیٹر کی گہرائی میں تھا، جبکہ اس کے مقام

ترقی عوام کی خوشی کے حصول کی کلید ہے، چینی صدر

گلوبل ڈیولپمنٹ انیشیٹو پر وسیع پیمانے پر عمل درآمد ہونا چاہیے، تہنیتی خط

بیجنگ (این این آئی) اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹرز میں گلوبل ڈیولپمنٹ انیشیٹو کی پانچویں سالگرہ کے موقع پر اعلیٰ سطحی ایونٹ کا انعقاد کیا گیا تھا، جس کا مقصد عالمی ترقی کی رفتار کو تیز کرنا اور اقوام متحدہ کے 2030 کے پائیدار ترقی کے ایجنڈے کے نفاذ میں تیزی لانے میں (بقیہ نمبر31 صفحہ 6)

امریکی صدر نے ایران کی سات روزہ جنگ بندی کی تجویز مسترد کردی

ایران امریکا کے آمادہ ہونے پر جنگ بندی طویل طور پر قائم کرنے کے لیے تیار ہے، ایرانی وزیر خارجہ کا ٹرمپ ڈونلڈ ٹرمپ کے ایران کی سات روزہ جنگ بندی

تہران / واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے صدر ٹرمپ اور ان کی اہلیہ میلانیا ٹرمپ کے اعزاز میں وائٹ ہاؤس میں چائے کی نشست میں شرکت کی۔ دونوں

چین اور امریکہ کا اسٹریٹجک کاپر مائنز تعلقات قائم کرنے پر اتفاق

صدر شی جن پنگ کا امریکہ کا یہ سرکاری دورہ تعمیری اور انتہائی کامیاب رہا، ٹرمپ

واشنگٹن (این این آئی) چینی صدر شی جن پنگ اور ان کی اہلیہ پنگ لی یوان نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور ان کی اہلیہ میلانیا ٹرمپ کے ہمراہ وائٹ ہاؤس میں چائے کی نشست میں شرکت کی۔ دونوں ممالک کے سربراہان نے چین۔امریکہ تعلقات کو مزید مستحکم دینے اور مشترکہ طور پر باہمی احترام، انصاف اور برابری کی سطح پر تعمیری استحکام پیدا کرنے کے جذبے کے تحت کام کرنے پر اتفاق کیا۔ دارالحکومت

یمن کے حوثیوں کے 2 ڈرون حملے ناکام بنادیے، سعودی اتحادی افواج

ریاض (این این آئی) سعودی اتحادی افواج نے کہا ہے کہ یمن کے حوثیوں کے 2 ڈرون حملے ناکام بنا دیئے۔ سعودی اتحادی افواج کے مطابق ڈرونز سعودی دارالحکومت ریاض کو نشانہ بنانے کی کوشش کررہے تھے، دونوں ڈرونز کو فضا میں ہی تباہ کردیا گیا۔ اتحادی افواج کا کہنا تھا کہ ڈرونز ملبہ گرنے سے عوامی علاقوں کو نقصان نہیں پہنچا۔ (بقیہ نمبر26 صفحہ 6)

ایران اور عمان کے درمیان ہرمز کی سلامتی اور سیکیورٹی پر اہم مذاکرات

مسقط (این این آئی) ایران اور عمان نے آبنائے ہرمز میں محفوظ بحری آمد و رفت اور خطے میں پرامن کشیدگی کم کرنے کے لیے مذاکرات کیے۔ عرب میڈیا کی رپورٹ کے مطابق عمان کے وزیر خارجہ بدر البوسعیدی اور ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کے درمیان یہ ملاقات (بقیہ نمبر26 صفحہ 6)

فلپائن، خاتون کے دماغ میں کیڑے اور ان کے انڈوں کی دریافت

خاتون اچانک مرگی کے دوروں کا سامنا کرنے لگی تھی اور پھر ڈاکٹر سے رجوع کیا، نیورلجی میڈیکل بورڈ

مانیلا (این این آئی) فلپائن سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون کے دماغ میں کیڑے اور ان کے انڈوں کی دریافت ہوئی ہے۔ خاتون کو مرگی کے دورے پڑنے لگے تھے جس کے بعد انہوں نے طبی معائنہ کروایا تھا۔ ڈاکٹروں کے مطابق

روزنامہ عوام وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کا واحد اور سب سے پہلے وقت شائع ہونے والا پیپر

آفس کوئٹہ فون نمبر 081-2832244 فیکس 081-2822255 اسلام آباد

آفس فون نمبر 051-2890427 فیکس 051-2890437 حب آفس

32266 فیکس 32755

عوام

پیر 28 ستمبر 2026ء

سیلاب سے متاثرہ علاقوں کی بحالی کے لئے اقدامات

وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ بلوچستان سمیت سیلاب سے تمام متاثرہ علاقوں کی بحالی کے لئے اقدامات تیز کئے جائیں، جن علاقوں میں متاثرہ افراد کو ابھی تک امداد نہیں پہنچائی گئی، وہاں متاثرین تک امدادی سامان کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے، بلوچستان میں ہر سال طوفانی بارشوں اور سیلاب سے وسیع پیمانے پر نقصانات ہوتے ہیں، صوبائی حکومت کی جانب سے بروقت امدادی کارروائیوں سے متاثرہ لوگوں کو فوری ریلیف ملتا ہے، سیلاب متاثرین کی مکمل بحالی کے لئے بہت زیادہ وسائل کی ضرورت ہوتی ہے، صوبے کے پاس وسائل کی کمی ہے، وفاق چار اکائیوں کا مجموعہ ہے، مستحکم وفاق کے لئے صوبوں کا مضبوط ہونا ضروری ہے، بلوچستان رقبہ کے لحاظ سے ملک کا سب سے بڑا صوبہ ہے، صوبے کو ایک عرصہ تک صرف آبادی کے تناسب سے وفاقی محاصل میں سے حصہ دیا جاتا رہا، جس کی وجہ سے صوبہ کی پسماندگی میں اضافہ ہوتا چلا گیا، عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی نہ بنائی جاسکی۔ قدرتی آفات کو روکنا ممکن نہیں ہوتا، لیکن بروقت اقدامات سے نقصانات کو کم ضرور کیا جاسکتا ہے، ہم توقع رکھتے ہیں کہ وفاقی حکومت بلوچستان میں سیلاب متاثرین کی مکمل بحالی کے لئے وسائل مہیا کرے گی۔

موٹر سائیکلوں کے لائسنس کا معاملہ

کوئٹہ شہر میں موٹر سائیکلوں کے مالکان لائسنس کے بغیر رات کو موٹر سائیکلیں چلاتے ہیں، جس کی وجہ سے حادثات رونما ہوتے ہیں، ٹریفک پولیس کی جانب سے اس معاملے کا کوئی نوٹس نہیں لیا جارہا، ہم اعلیٰ پولیس حکام سے مطالبہ کرتے ہیں کہ بغیر لائسنس موٹر سائیکلیں چلانے والوں کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے۔

فارس اِک پارس!

فارس جنوب مشرقی ایشیا کا ایسا خطہ ہے جو پُراسراریت نہیں تاریخ کا ایک ناقابل فراموش کردار بھی رہا ہے۔ آج فارس کی پہچان ایران ہے جو مزاحمت کی اپنی تاریخ کے عین مطابق سینہ سپر اور اپنی روایات میں نئے اضافے کرتا ہوا دکھائی دے رہا ہے لیکن میں نے جس فارس کیلئے آج الفاظ کی مالا تیار کرنیکا ارادہ باندھا ہے، وہ تیر وتفنگ کا نہیں بلکہ علم وادب کے میدان کا شاہ سوار ہے۔ اُس کی شاعری دِلوں اور ذہنوں میں لگی آگ پر ٹھنڈی آب شار بن کر برستی ہے تو کہیں اُسکے الفاظ برف جیسے سرد جذبوں کو بھی یوں تپانے کا کام کرتے ہیں جیسے کوئی لوہار اپنی بھٹی میں ٹھنڈے لوہے کو ذہکا کر سُرخ کر دیتا ہے۔ یہ ہمارے پیارے بھائی رحمٰن فارس ہیں جن کے بارے میں مرتضیٰ برلاس صاحب نے کہا تھا کہ

دوستوں کے حلقے میں ہم وہ کج مقدر ہیں
افسروں میں شاعر ہیں شاعروں میں افسر ہیں

بے مثل مزاح نگار مشتاق یوسفی صاحب کی طرح رحمٰن فارس صاحب بھی زَر کے شعبے سے تعلق رکھتے ہیں۔ وہ ایف بی آر کے اعلیٰ افسر ہیں لیکن اُن کی عوامی پزیرائی اُن کے منصب کی وجہ سے نہیں بلکہ اُن کے لہجہ اور کلام کی وجہ سے ہے۔ اُن سے "وجہ دوستی" ہوجاتی ہے اور محفل میں ہوں تو 'محفل لوٹ' لیتے ہیں۔ اُن کی نرم مزاجی رحمٰن کی صفت کا پَرتو محسوس ہوتی ہے تو اُن کا ملنا خوش اخلاقی کی ٹھنڈی ہوا کا جھونکا بن کر ہرنامانوس شخص کو بھی اُن کا گرویدہ بنا لیتا ہے۔ اُن سے ملاقات کی وجہ ہمارے بھائی ارشد ملک بنے جن کے دفتر میں ہر وقت ایک میلہ سا لگا رہتا ہے۔ بہت سے اجنبی چہرے ایک ملاقات میں ہی دوستوں کی انجمن میں شامل ہوجاتے ہیں اور محسوس ہی نہیں ہوتا کہ ملاقات تو ابھی ابھی ہوئی ہے۔ بعض دوست ارشد ملک کے کمرے کو ڈیرے کا نام دیتے ہیں جو خود تحریر وتقریر کے شعبے سے وابستہ ہیں لیکن اُن سے ملنے کیلئے آنے والے مختلف شعبہ ہائے زندگی کے میلاپ کی ایک ہی وجہ ہوتی ہے اور وہ صرف محبت ہوتی ہے، اِس کے سوا کچھ نہیں۔

گزشتہ دنوں راولپنڈی کی معروف اور تاریخی دینی درس گاہ الخلیل قرآن کمپلیکس کے مہتمم اور نامور دینی شخصیت محترم حافظ نسیم خلیل صاحب نے ارشد ملک کی قیادت میں تمام دوستوں کے اعزاز میں محفل منعقد کی جس میں لذت کام ودہن کا اہتمام تو تھا ہی لیکن اس موقع پر رحمٰن فارس صاحب کے کلام نے محفل کو چار چاند لگا دیئے جبکہ یہ محفل وفاق پاکستان کی وحدت کی بھی علامت بن گئی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بلوچستان سے آئے ہوئے آغا غلام رہانی نے صوبہ پنجاب کے لوگوں کی فراخ دلی کا حوالہ دے کر کہا کہ بلوچستان میں پنجاب اور پنجابیوں کے حوالے سے بہت پروپیگنڈہ پھیلایا جاتا ہے لیکن ڈرتے دِل کے ساتھ جب میں پنجاب اور اسلام آباد آیا تو پنجابیوں کی کشادہ دِلی نے میری سوچ تبدیل کردی اور معلوم ہوا کہ پنجاب کا کلچر کسی بھی باہر سے آنے والے کو کس طرح خوش آمدید کرتا ہے اور اُن کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ سندھ سے ہمارے دوست اور سینئر صحافی قربان بلوچ نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ 26 سال سے اسلام آباد میں ہوں اور سچ بات یہ ہے کہ میری زندگی کے کئی مشکل مراحل پر میرے پنجابی دوست ہی میرے کام آئے اور اُن سے جو محبت ملی، اُسے الفاظ میں بیان نہیں کیا جاسکتا۔ ایم کیو ایم اسلام آباد ریجن کے صدر چوہدری شہزاد آصف جاوید نے بھی آغا غلام رہانی اور قربان بلوچ کی گفتگو سے اتفاق کرتے ہوئے کہا کہ ایشوز پر اختلاف کو نفرت میں بدلنے کی روایت ختم ہونی چاہیے۔ پاکستان ہم سب کا گھر ہے اور اس میں رہنے والے سب ایک خاندان کی طرح ہیں۔ ہمیں اختلاف کرتے ہوئے قومی وحدت کو ٹھیس پہنچنے نہیں دینا چاہیے۔ تقریب میں وزارت اطلاعات ونشریات کے سابق ایڈیشنل سیکریٹری ظہور احمد برلاس، وزارت اطلاعات کے سینئر افسر اور ڈائریکٹر جنرل ڈیپ محمد سلیم، اسلام آباد کی معروف کاروباری شخصیت زاہد خان، سینئر افسر فاروق اعوان، سینئر صحافی قمر زمان، فلم اور ڈرامہ سے متعلق ممتاز پروفیشنل علی قاضی، راولپنڈی کی معروف سیاسی وسماجی شخصیت لطیف شاہ سمیت دیگر احباب نے شرکت کی۔ اس موقع پر ارشد ملک نے الخلیل قرآن کمپلیکس کی دینی وملی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ حافظ نسیم خلیل صاحب نے اپنے عظیم والد حافظ خلیل کے اتحاد بین المسلمین کے مشن کو بڑی ذمہ داری اور محنت سے نبھایا ہے۔ یہ ادارہ قیام پاکستان کے بعد راولپنڈی میں قائم ہوا تھا جہاں سے سینکڑوں حفاظ قرآن کریم کا نور اپنے سینوں میں لے کر آج تبلیغ دین اور ترویج قرآن کریم کا نور پھیلا رہے ہیں۔ اس ادارے کا اصل امتیاز شخصیت میں توازن لانا اور معاشرے میں محبت واتحاد کا فروغ ہے۔

تقریب کے اختتام پر رحمٰن فارس صاحب نے شاعری کے سفر اور اس دوران پیش آنے والے دلچسپ واقعات سنا کر محفل کشت زعفران بنادی۔ رحمٰن فارس کو محبت کا پارس کہا جائے تو غلط نہ ہوگا۔ پارس کے بارے میں یہ تصور ہے کہ لوہے کو چھو لے تو وہ سونا بن جاتا ہے لیکن فارس کی گفتگو اور شخصیت وہ پارس ہے جو محبت بڑھاتی ہے۔ جس سے بڑی کوئی دولت نہیں ہوسکتی۔ اُن کی علم وادب سے اسی محبت کا اعتراف اب حکومت پاکستان نے انہیں تمغہ حسن کارکردگی عطا کرکے بھی کیا ہے جس سے اِس تمغے کی شان بڑھ گئی ہے لیکن فارس کے سینے پر اصل تمغہ دوستوں اور انسانوں سے محبت ہے۔ اپنی اسی فطرت کا اظہار فارس نے یہ شعر سنا کر کیا کہ

عشق ٹوٹا تو استخارا کیا
اور پھر عشق ہی دوبارہ کیا
میں تو محفل سے اٹھنے والا تھا
پھر کسی آنکھ نے اشارہ کیا

اسلام آباد پر دھاوے کو بے چین عناصر لانگ مارچوں کا انجام سامنے رکھیں

تحریر۔ نصرت جاوید

تحریک سے منسوب مشرقی پاکستان کے مولانا بھاشانی نے بھی ان کا ساتھ دیا۔ کانفرس یوں ناکام ہوگئی اور ایوب خان مستعفی ہوکر یحییٰ خان کے مارشل لاء کی راہ ہموار کرنے کو مجبور ہوئے۔

زندگی کے کئی برس اس گماں میں مبتلا رہا کہ جوانی شروع ہوتے ہی ''انقلابی'' ہوگیا تھا۔ ایوب خان کا تخت گرانے والی طلبہ تحریک کا حصہ بنا۔ 1980ء کی دہائی میں لیکن ریاست کے دائمی اداروں خصوصاً انٹیلی جنس ایجنسیوں سے ریٹائر ہوئے چند بزرگوں سے تفصیلی گفتگو نے اکثر یہ سوچنے کو مائل کیا کہ ایوب خان کے خلاف متحرک ہوئے ''انقلابی'' طلبہ غالباً ایک مخلاتی سازش کے دانستہ کارندے تھے جو پاکستان کے پہلے فوجی آمر کے دس سالہ دورِ اقتدار کے خاتمے کے لئے تیار ہوئی تھی۔ ریاستی ریکارڈ ہمارے ہاں میسر نہیں۔ اس تک رسائی کے بغیر مخلاتی سازش کی کہانی ٹھوس شواہد کے ساتھ درست ثابت کرنے کی گنجائش نہیں۔ ایوب خان کے بعد ذوالفقار علی بھٹو کی حکومت بھی ملک بھر میں کئی دنوں تک جاری رہی احتجاجی تحریک کے نتیجے میں 1977ء کے جولائی میں فارغ ہوئی تھی۔ مارچ 1977ء کے انتخابات میں مبینہ دھاندلی کے خلاف چلائی یہ تحریک بعدازاں ملک میں ''نظام مصطفیٰ ﷺ'' کے نفاذ کی داعی بن گئی۔ اس کے انجام پر بھی اسلام کے نفاذ کے بجائے ہمیں ملک کو ''خانہ جنگی سے بچانے'' کے نام پر جنرل ضیاء کے گیارہ سالہ اقتدار کو بھگتنا پڑا۔

مذکورہ بالا تبدیلیوں کے علاوہ ہمارے ہاں حکومتوں کی آمد ورانگی بنیادی طور پر مخلاتی سازشوں کے طفیل ہی رونما ہوتی رہی۔ اسلام آباد کی جانب لانگ مارچ کا فیصلہ 1993ء میں بھی ہوا تھا۔ نواز شریف کی پہلی حکومت کو اس وقت کے صدر غلام اسحاق خان نے برطرف کیا تو نسیم حسن شاہ کی سپریم کورٹ نے اسے بحال کردیا۔ اس بحالی کو پنجاب کے گورنر چودھری الطاف حسین نے وزیراعلیٰ پنجاب منظور وٹو کے ساتھ مل کر ناقابل عمل بنادیا۔ نواز حکومت کو مزید کمزور کرنے کے لئے محترمہ بے نظیر بھٹو آبادی کے اعتبار سے ہمارے سب سے بڑے صوبے کی حکومت کی پشت پناہی کے ساتھ اسلام آباد پر چڑھائی کو تیار ہوئیں۔ لانگ مارچ کے آغاز سے چند گھنٹے قبل مگر آرمی چیف عبدالوحید کاکڑ نے انہیں مذاکرات کو مدعو کرلیا۔ مذکورہ مذاکرات کے دوران طے ہوئے فارمولے کے نتیجے میں غلام اسحاق صدارت اور نواز شریف وزارت اعلیٰ کے منصب سے مستعفی ہوئے۔ نئے انتخابات کے نتیجے میں محترمہ بے نظیر بھٹو وزارت عظمیٰ کے دفتر لوٹ آئیں۔

محترمہ کی دوسری حکومت کو مخلاتی سازش کی پیداوار ٹھہراتے ہوئے نواز شریف نے اسے گرانے کے لئے انتخابات کے چند ہی ماہ بعد کراچی سے لانگ مارچ کا آغاز کیا۔ کراچی سے لاہور تک میں نے ان کے ساتھ ٹرین میں سفر کیا اور رحیم یار خان گزرنے کے بعد زندگی میں پہلی بار ان سے ریل کے ڈبے میں 30 سے زیادہ منٹوں تک طویل گفتگو کی۔ جس ٹرین مارچ کا مشاہدہ کیا وہ دیکھنے میں بہت جاندار تھا۔ کراچی سے راولپنڈی تک سفر کے دوران ریلوے کے ہر بڑے سٹیشن کے قریب بھاری بھرکم اجتماعات نواز شریف کو خوش آمدید کہنے کو جمع ہوئے۔ یہ مارچ مگر اپنے نتائج حاصل نہ کرپایا۔ بالآخر نواز شریف کو محترمہ بے نظیر بھٹو کے نامزد کردہ صدر فاروق لغاری کے ساتھ مخلاتی سازش تیار کرنا پڑی جس کے نتیجے میں حکومت صدارتی اختیارات کے تحت 1996ء میں برطرف ہوئی۔

آپ کے ذہن سے غالباً اوجھل تاریخ یاد کرتے ہوئے فاسٹ ٹریک پر چلتے ہوئے نسبتاً حالیہ لانگ مارچوں پر توجہ دیں تو کینیڈا سے ''سیاست نہیں ریاست بچاؤ'' کے نام پر طاہر القادری اسلام آباد پر ایک جنونی ہجوم کے ساتھ حملہ آور ہوئے تھے۔ زرداری حکومت نے انہیں مذاکرات میں مصروف کرلیا۔ وہ اپنے مقاصد حاصل کیے بغیر لوٹ گئے۔ 2014ء میں انہوں نے عمران خان کو سیاسی کزن بنایا اور تحریک انصاف کے ساتھ مل کر کئی دنوں تک اسلام آباد میں دھرنا دیا۔ اپنے کارکنوں کی پولیس کے ہاتھوں ہلاکت یقینی دکھانے کے لئے ریڈ زون میں قبریں بھی تیار کیں۔ چند دنوں بعد مگر ''کزن'' کو تنہا چھوڑ کر واپس چلے گئے۔ بانی تحریک انصاف بھی کئی دنوں تک پھیلے دھرنے کے باوجود نواز شریف کی تیسری حکومت گرا نہ پائے۔ بالآخر یہ فریضہ سپریم کورٹ نے ادا کیا۔

حالیہ لانگ مارچوں کی تاریخ یاد کرتے ہوئے بارہا یہ خیال ذہن کو ستاتا رہا کہ طاہر القادری اور عمران خان ان کے ذریعے اپنے اہداف حاصل نہیں کرپائے تھے۔ ان کی ناکامی کے باوجود مگر کسان اتحاد اور بالآخر تحریک انصاف رواں ہفتے میں اسلام آباد پر دھاوے کو کیوں بے چین ہیں۔ کئی گھنٹوں کے غور کے باوجود مذکورہ سوال کا تسلی بخش جواب دریافت نہیں کرپایا۔ سوئی کی طرح ذہن میں یہ بات اٹک گئی ہے کہ مخلاتی سازشوں کے بغیر ہمارے ہاں حکومتیں گرانا ممکن نہیں۔

☆☆☆☆

کینیڈا کی بیوروکریسی اور ہمارا دفتری نظام

تحریر۔ محسن گواریہ

جہاں پاکستان اور پنجاب کے ساتھ بڑا فرق محسوس ہوتا ہے۔

پاکستان میں بھی گزشتہ برسوں کے دوران بہت سی سرکاری خدمات کو ڈیجیٹل کیا گیا ہے، پنجاب میں ڈرائیونگ لائسنس، شناختی دستاویزات، زمین کے ریکارڈ، گاڑیوں کی رجسٹریشن، ٹیکس اور بعض دیگر خدمات میں ٹیکنالوجی کا استعمال نمایاں طور پر بڑھا ہے، لیکن ہمارے ہاں اکثر ڈیجیٹل سسٹم کے ساتھ پرانا دفتری کلچر بھی چلتا رہتا ہے، نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ شہری درخواست آن لائن جمع کرانے کے باوجود کسی مرحلے پر "دفتر" یا "متعلقہ افسر" تک پہنچنے کی ضرورت محسوس کرتا ہے۔

کینیڈا میں اصول نسبتاً مختلف ہے، یہاں افسر کا کام زیادہ تر قانون اور پالیسی کو نافذ کرنا ہے، اگر آپ کی دستاویزات مکمل ہیں اور آپ قانونی معیار پر پورا اترتے ہیں تو محض اس وجہ سے کام رکنے کا امکان نسبتاً کم ہوتا ہے کہ آپ کی کسی افسر سے ذاتی واقفیت نہیں، اس نظام کی ایک بڑی خوبی شفافیت ہے، شہری کو عموماً معلوم ہوتا ہے کہ اسے کون سی دستاویزات دینی ہیں، فیس کتنی ہے، درخواست کہاں دینی ہے اور کارروائی کا متوقع طریقہ کیا ہے۔ اس کے "کسی جاننے والے کو فون کروا دیں" والا کلچر نسبتاً کم ہوجاتا ہے، لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ کینیڈین بیوروکریسی ہر کام میں تیز اور بے عیب ہے، کبھی کبھی حقیقت اس کے برعکس بھی سامنے آتی ہے، حکومت کے اپنے اعداد وشمار کے مطابق 2024-25ء میں زیادہ حجم والی وفاقی سرکاری خدمات میں صرف 52 فیصد نے مقررہ سروس سٹینڈرڈ پورے کیے، اگرچہ تمام خدمات کے انفرادی سروس معیار مجموعی طور پر 73 فیصد مواقع پر پورے ہوئے۔ یہاں ڈیجیٹل نظام بھی مکمل طور پر مثالی نہیں مگر پھر بھی کینیڈا کی حکومت کے مطابق 77 فیصد کینیڈین کسی نہ کسی صورت میں حکومت سے آن لائن رابطے میں آچکے ہیں۔ گزشتہ سال کے اعداد وشمار کے مطابق کینیڈا میں انتظامی سرکاری خدمات استعمال کرنے والے تقریباً 69 فیصد افراد ان سے مطمئن تھے، تقریباً 62 فیصد لوگوں کا خیال تھا کہ سرکاری فوائد کے لئے ان کی درخواست کے ساتھ منصفانہ سلوک ہوا، یہ اعداد وشمار بتاتے ہیں کہ نظام پر مکمل اطمینان نہ ہونے کے باوجود شہریوں کا ایک قابلِ ذکر حصہ اسے نسبتاً منصفانہ اور قابلِ اعتماد سمجھتا ہے۔

اب اگر اسی تصویر کو پنجاب کے تناظر میں دیکھیں تو بنیادی فرق ریاست اور شہری کے درمیان تعلق کا محسوس ہوتا ہے، پاکستان میں تاریخی طور پر بیوروکریسی کا کردار صرف سروس ڈیلیوری تک محدود نہیں رہا بلکہ انتظامی اختیار بھی بہت زیادہ ہے، ڈپٹی کمشنر، اسسٹنٹ کمشنر، پولیس، ریونیو اور دیگر محکموں کے افسروں کے پاس عوامی زندگی پر اثر انداز ہونے کا اختیار ہوتا ہے، پنجاب میں بھی سرکاری افسر بہت سے معاملات میں شہری کے لئے "مسئلے کا حل" بھی ہوتا ہے، کینیڈا میں اس کے مقابلے میں فرد کی نسبت ادارہ زیادہ اہم ہے، کسی ایک افسر کے ساتھ ذاتی تعلق پورے عمل کو تبدیل نہیں کرتا، پاکستان میں اس کے برعکس ایک تجربہ کار افسر یا بااثر سرکاری اہلکار کے ساتھ رابطہ بعض اوقات پورے معاملے کی رفتار بدل سکتا ہے۔ پاکستانی نظام کی اپنی کچھ طاقتیں بھی ہیں، ہمارے افسروں کو محدود وسائل میں، بحران سے نمٹنے، فیلڈ میں فوری فیصلے کرنے اور غیر معمولی حالات میں انتظام چلانے کا وسیع تجربہ حاصل ہوتا ہے۔ پنجاب کی انتظامیہ نے سیلاب، ڈینگی، کرونا، صفائی، پرائس کنٹرول اور مختلف ہنگامی حالات میں بڑے پیمانے پر انتظامی مشینری استعمال کی ہے اس لئے اصل مسئلہ صلاحیت کی کمی سے زیادہ اصل مسئلہ یہی ہے حکومت کہتی ہے ریاست کو امن وامان قائم رکھنا ہے اپوزیشن کہتی ہے احتجاج ہمارا سیاسی اور آئینی حق ہے دونوں باتوں کی اپنی جگہ اہمیت ہے لیکن ان دونوں کے درمیان ایک تیسرا فریق ہمیشہ پس جاتا ہے عوام۔ وہ عوام جو ہر حکومت میں مہنگائی کا حساب دیتے ہیں، ہر احتجاج میں راستہ بدلتے ہیں، ہر دھرنے میں دفتر دیر سے پہنچتے ہیں اور ہر سیاسی بحران کے بعد ٹی وی پر سنتے ہیں کہ ''ملک اس وقت ایک نازک دور سے گزر رہا ہے۔'' قوم شاید اب اتنے نازک دور دیکھ چکی ہے کہ نازک دور بھی اسے دیکھ کر کہتا ہوگا ''یار، کبھی مجھے بھی آرام دے دو۔''

سیاست کا اصل امتحان اب شروع ہوتا ہے آنے والے چند دن اہم ہیں ایک راستہ وہ ہے جس میں حکومت سختی بڑھائی جائے، اپوزیشن کارکن نکالتی جائے، سڑکیں بند ہوں، گرفتاریاں ہوں، آنسو گیس چلے اور شام کو دونوں طرف سے کامیابی کے دعوے آجائیں دوسرا راستہ نسبتاً بورنگ ہے لوگ بیٹھیں بات کریں، کچھ مانیں، کچھ منوائیں اور کسی نتیجے تک پہنچیں۔ بدقسمتی یہ ہے کہ دوسرا راستہ ٹی وی پر پہلے راستے جتنا سنسنی خیز نہیں لگتا مگر ملک اسی سے چلتے ہیں۔

اور عوام؟ عوام آج بھی وہیں کھڑے ہیں۔ انہیں عمران خان، حکومت، اپوزیشن، جماعتِ اسلامی، کسان سب کی بات سننے کا حق ہے مگر عوام کا بھی ایک مطالبہ ہے جس کے لیے شاید کوئی لانگ مارچ نہیں نکلے گا ''بھائی، ملک چلا لو۔'' احتجاج کرنا ہے تو کیجیے، حکومت کرنی ہے تو کیجیے اختلاف کرنا ہے تو دل کھول کر کیجیے۔ مگر ایسا پاکستان بھی رہنے دیجیے جس میں مزدور کام پر پہنچ سکے، طالب علم امتحان دے سکے، مریض ہسپتال جاسکے، دکاندار دکان کھول سکے اور ایک عام آدمی شام کو گھر پہنچ کر بچوں کے ساتھ کھانا کھا سکے کیونکہ آخر میں سیاست کا مقصد کنٹینر کے ایک طرف والوں کو دوسری طرف والوں پر فتح دلانا نہیں ہونا چاہیے۔

اصل کامیابی یہ ہے کہ کنٹینر ہٹ جائے اور ملک آگے چل پڑے اور فی الحال پاکستانی عوام اسی انتظار میں ہیں کہ سیاست دان اپنا راستہ نکالتے کہیں ملک کا راستہ بند نہ کر بیٹھیں۔

اسلام آباد کی طرف سب کے راستے، عوام جائیں تو جائیں کہاں؟

تحریر۔ محمد اکرم چوہدری

دلچسپ دروازہ ابھی بند نہیں ہوا تمام سخت بیانات کے باوجود سیاسی رابطوں کی خبریں بھی موجود ہیں تحریکِ انصاف کی قیادت کہہ رہی ہے کہ وفاقی سطح پر رابطے جاری ہیں اور اپنا پیغام متعلقہ حلقوں تک پہنچایا جارہا ہے یہ چھوٹی سی بات اہم ہے کیونکہ پاکستانی سیاست میں اکثر دن کو مائیک کے سامنے کہا جاتا ہے ''اب بات نہیں ہوگی!'' اور رات کو فون پر پوچھا جاتا ہے ''اچھا... پھر کیا سوچا ہے؟'' یہی سیاست ہے دروازہ زور سے بند کیا جاتا ہے، مگر کنڈی کبھی بھی نہیں لگائی جاتی۔

اصل سوال یہ ہے ''کون نہیں آرہا؟'' حکومت نے کیکلو لیٹر بھی نکال لیا ہے اس ساری سیاسی گرما گرمی کے دوران حکومت نے معیشت کا حساب بھی قوم کے سامنے رکھ دیا ہے وزیرِ خزانہ کے مطابق بڑے احتجاج، دھرنے، سڑکوں کی بندش اور کاروباری سرگرمیوں میں رکاوٹ سے ملکی معیشت کو تقریباً 120 ارب روپے روزانہ کا نقصان پہنچ سکتا ہے یہ حکومتی تخمینہ ہے، اسے حتمی اور غیر متنازع حساب نہیں سمجھنا چاہیے مگر اس کے پیچھے ایک بات بہرحال عام آدمی بھی سمجھتا ہے شہر بند ہو تو صرف اسٹاک مارکیٹ متاثر نہیں ہوتی۔ سبزی کی گاڑی بھی دیر سے پہنچتی ہے فیکٹری کا مال بھی رکتا ہے دکان کا شٹر بھی نہیں اٹھتا، مزدور کی دیہاڑی بھی جاتی ہے مریض ایمبولینس میں بھی پھنس سکتا ہے اور جس شخص کی روز کی کمائی سے روز کا چولہا جلتا ہو، اسے جمہوریت کی بڑی بڑی تعریفوں سے پہلے شام کی روٹی یاد آتی ہے ہے، جہاں حراست کے احکامات کو چیلنج کیا گیا ہے یعنی اب کہانی صرف سڑک کی نہیں رہی۔ ایک حصہ سڑک پر ہے، ایک جیل میں اور ایک عدالت میں۔

پاکستانی سیاست کی پوری پلیٹ تیار ہے مگر ایک دلچسپ اور ناہموار بیوروکریٹ بننا خاصا مشکل ہے۔

واقفانِ حال بتاتے ہیں کہ جس زمانے میں قدرت اللہ شہاب بیوروکریٹ تھے، اُس زمانے میں افسر خال خال تھے، اس لئے پوسٹنگ کے لئے اتنا سر نہیں جھکانا پڑتا تھا۔ آج کل حالات یہ ہیں کہ ڈپٹی کمشنر کی کرسیاں بھی ملک بھر میں کئی دنوں تک جاری رہی احتجاجی تحریک کے نتیجے میں 1977ء کے جولائی میں فارغ ہوئی تھی۔ مارچ 1977ء کے انتخابات میں مبینہ دھاندلی کے خلاف چلائی یہ تحریک بعدازاں ملک میں ''نظام مصطفیٰ ﷺ'' کے نفاذ کی داعی بن گئی۔ اس کے انجام پر بھی اسلام کے نفاذ کے بجائے ہمیں ملک کو ''خانہ جنگی سے بچانے'' کے نام پر جنرل ضیاء کے گیارہ سالہ اقتدار کو بھگتنا پڑا۔

مذکورہ بالا تبدیلیوں کے علاوہ ہمارے ہاں حکومتوں کی آمد ورانگی بنیادی طور پر مخلاتی سازشوں کے طفیل ہی رونما ہوتی رہی۔ اسلام آباد کی جانب لانگ مارچ کا فیصلہ 1993ء میں بھی ہوا تھا۔ نواز شریف کی پہلی حکومت کو اس وقت کے صدر غلام اسحاق خان نے برطرف کیا تو نسیم حسن شاہ کی سپریم کورٹ نے اسے بحال کردیا۔ اس بحالی کو پنجاب کے گورنر چودھری الطاف حسین نے وزیراعلیٰ پنجاب منظور وٹو کے ساتھ مل کر ناقابل عمل بنادیا۔ نواز حکومت کو مزید کمزور کرنے کے لئے محترمہ بے نظیر بھٹو آبادی کے اعتبار سے ہمارے سب سے بڑے صوبے کی حکومت کی پشت پناہی کے ساتھ اسلام آباد پر چڑھائی کو تیار ہوئیں۔ لانگ مارچ کے آغاز سے چند گھنٹے قبل مگر آرمی چیف عبدالوحید کاکڑ نے انہیں مذاکرات کو مدعو کرلیا۔ مذکورہ مذاکرات کے دوران طے ہوئے فارمولے کے نتیجے میں غلام اسحاق صدارت اور نواز شریف وزارت اعلیٰ کے منصب سے مستعفی ہوئے۔ نئے انتخابات کے نتیجے میں محترمہ بے نظیر بھٹو وزارت عظمیٰ کے دفتر لوٹ آئیں۔

محترمہ کی دوسری حکومت کو مخلاتی سازش کی پیداوار ٹھہراتے ہوئے نواز شریف نے اسے گرانے کے لئے انتخابات کے چند ہی ماہ بعد کراچی سے لانگ مارچ کا آغاز کیا۔ کراچی سے لاہور تک میں نے ان کے ساتھ ٹرین میں سفر کیا اور رحیم یار خان گزرنے کے بعد زندگی میں پہلی بار ان سے ریل کے ڈبے میں 30 سے زیادہ منٹوں تک طویل گفتگو کی۔ جس ٹرین مارچ کا مشاہدہ کیا وہ دیکھنے میں بہت جاندار تھا۔ کراچی سے راولپنڈی تک سفر کے دوران ریلوے کے ہر بڑے سٹیشن کے قریب بھاری بھرکم اجتماعات نواز شریف کو خوش آمدید کہنے کو جمع ہوئے۔ یہ مارچ مگر اپنے نتائج حاصل نہ کرپایا۔ بالآخر نواز شریف کو محترمہ بے نظیر بھٹو کے نامزد کردہ صدر فاروق لغاری کے ساتھ مخلاتی سازش تیار کرنا پڑی جس کے نتیجے میں حکومت صدارتی اختیارات کے تحت 1996ء میں برطرف ہوئی۔

آپ کے ذہن سے غالباً اوجھل تاریخ یاد کرتے ہوئے فاسٹ ٹریک پر چلتے ہوئے نسبتاً حالیہ لانگ مارچوں پر توجہ دیں تو کینیڈا سے ''سیاست نہیں ریاست بچاؤ'' کے نام پر طاہر القادری اسلام آباد پر ایک جنونی ہجوم کے ساتھ حملہ آور ہوئے تھے۔ زرداری حکومت نے انہیں مذاکرات میں مصروف کرلیا۔ وہ اپنے مقاصد حاصل کیے بغیر لوٹ گئے۔ 2014ء میں انہوں نے عمران خان کو سیاسی کزن بنایا اور تحریک انصاف کے ساتھ مل کر کئی دنوں تک اسلام آباد میں دھرنا دیا۔ اپنے کارکنوں کی پولیس کے ہاتھوں ہلاکت یقینی دکھانے کے لئے ریڈ زون میں قبریں بھی تیار کیں۔ چند دنوں بعد مگر ''کزن'' کو تنہا چھوڑ کر واپس چلے گئے۔ بانی تحریک انصاف بھی کئی دنوں تک پھیلے دھرنے کے باوجود نواز شریف کی تیسری حکومت گرا نہ پائے۔ بالآخر یہ فریضہ سپریم کورٹ نے ادا کیا۔

حالیہ لانگ مارچوں کی تاریخ یاد کرتے ہوئے بارہا یہ خیال ذہن کو ستاتا رہا کہ طاہر القادری اور عمران خان ان کے ذریعے اپنے اہداف حاصل نہیں کرپائے تھے۔ ان کی ناکامی کے باوجود مگر کسان اتحاد اور بالآخر تحریک انصاف رواں ہفتے میں اسلام آباد پر دھاوے کو کیوں بے چین ہیں۔ کئی گھنٹوں کے غور کے باوجود مذکورہ سوال کا تسلی بخش جواب دریافت نہیں کرپایا۔ سوئی کی طرح ذہن میں یہ بات اٹک گئی ہے کہ مخلاتی سازشوں کے بغیر ہمارے ہاں حکومتیں گرانا ممکن نہیں۔

☆☆☆☆

پرائز پوسٹنگ

تحریر۔ نسیم شاہد

اگر سو ڈیڑھ سو ہیں تو انتظار میں بیٹھے ہوؤں کی تعداد ہزاروں میں ہے۔ اب یہ قسمت کی دیوی کی کرم فرمائی ہے کہ کس پر مہربان ہوجائے۔ بیسویں گریڈ میں آکر کبھی بہت سوں کو کمشنر بننا نصیب نہیں ہوتا اور خوش قسمت انیسویں گریڈ میں بھی بن جاتے ہیں جہاں تعداد زیادہ اور آسامیاں کم ہوں وہاں حکمرانوں کی اہمیت بڑھ جاتی ہے۔ کاروبارِ مملکت چلانا تو انہی افسروں کے ذریعے ہے، مگر وفاداروں کے چناؤ میں اس لئے آسانی رہتی ہے کہ اپنا کندھا پیش کرنے والے ایک دوسرے پر ٹوٹے پڑتے ہیں۔ نظام تو اُس وقت درست ہوگا جب میرٹ پر تعیناتیاں ہوں گی یہاں تو یہ سوال بھی پوچھے جاتے ہیں کہ ڈپٹی کمشنر لگنے کا ریٹ کیا چل رہا ہے۔ ایک بے روزگاری اگر باہر ہے تو ایک بیوروکریسی کے اندر بھی ہے۔ وہ بے روزگاری اگر پوسٹنگ کے لئے مارے مارے پھرنے والے یہ سوچ کر ہلکان ہوتے رہتے ہیں کہ سروس کا جو وقت ''بے کار'' گذر رہا ہے یہ تو بہت بڑا نقصان ہے۔ ایک ریٹائر بیوروکریٹ سے یادِ اللہ ہے۔ وہ سکول کے زمانے میں میرے کلاس فیلو بھی رہے۔ اُن کا کیریئر بھی اتار چڑھاؤ کا شکار ہی رہا۔ وہ کہتے ہیں کسی جماعت کی حکومت میں اگر کوئی بیوروکریٹ ایک ایسا فیصلہ کرتا ہے یا اوپر والوں کی بات نہیں مانتا، جو وقت کے حاکم کو پسند نہیں تو پھر ہم ازکم اس دورِ حکومت میں اُسے فیلڈ پوسٹنگ یا ایسی پوسٹنگ نہیں ملتی جو کسی بھی طرح حکومت کے ایجنڈے میں رکاوٹ بن سکتی ہو۔ پھر وہ سائیڈ لائن کی نوکری پر بھیج دیا جاتا ہے، کبھی سیکرٹریٹ میں اور کبھی کامیاب اور نامور بیوروکریٹ بننا خاصا مشکل ہے۔

دہرا امریکی کردار

ترجیح کبھی نہیں رہا، بلکہ طاقت کے توازن کو اپنے حق میں بنائے رکھنا ہی ان کا اصل ہدف ہے۔

اسی کشیدہ صورتِ حال کے دوران ایک ایسا دلخراش اور اشتعال انگیز واقعہ پیش آیا ہے جس نے پوری اُمتِ مسلمہ کے دِل چھ

لورالائی میں ترقیاتی منصوبے



ایکسائز پولیس نصیرآباد کی بڑی کارروائی، بھاری مقدار میں آئس برآمد، اسمگلر گرفتار



تحریر۔میر محمود بلوچ

محکمہ ایکسائز کے افسران اور اہلکار اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کررہے ہیں، جاوید احمد

چیتر (این این آئی) ایکسائز پولیس نصیرآباد کی بڑی کارروائی، بھاری مقدار میں آئس برآمد، اسمگلر گرفتار ملزم کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ ایکسائز اینڈ نارکوٹکس آفیسر نصیرآباد جاوید احمد بلوچ نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبائی وزیر پارلیمانی سیکرٹری ایکسائز محکمہ خان محمد لہڑی، سیکرٹری ایکسائز ظفر بخاری اور ڈائریکٹر جنرل ایکسائز سرفراز خان کی خصوصی ہدایات پر ایکسائز پولیس نصیرآباد نے مختلف علاقوں میں ایکسائز پولیس نصیرآباد نے منشیات کے خلاف بھرپور کارروائی کرتے ہوئے بھاری مقدار میں آئس برآمد کی، جبکہ گرفتار ملزم آصف جمالی کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز کردیا گیا ہے انہوں نے بتایا کہ کارروائی اچانک انسپکٹر طارق نواز لہڑی کے سربراہی میں عمل میں لائی گئی، جس میں ایکسائز انسپکٹر خیر جان بلوچ، سب انسپکٹر عبدالرحمٰن بلوچ اور کانسٹیبلان مصری عمرانی، فتح خان لہڑی، عبدالحق جتیانی، عبدالغفار، امداد حسین، عابد علی، محمد یوسف جتیانی، محمد راحیم ساسولی اور وکیل احمد نے حصہ لیا ایکسائز انسپکٹر ایکسائز نارکوٹکس آفیسر نصیرآباد جاوید احمد بلوچ نے کہا کہ منشیات کی اسمگلنگ کے خلاف کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی نوجوان نسل کو منشیات کے چنگل سے بچانا ہماری اولین ترجیح ہے محکمہ ایکسائز کسی بھی منشیات کے کاروبار کو برداشت نہیں کرے گا، منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے بھاری مقدار میں آئس برآمد کی، جبکہ گرفتار ملزم آصف جمالی کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز کردیا گیا ہے انہوں نے بتایا کہ کارروائی اچانک انسپکٹر طارق نواز لہڑی کے سربراہی میں عمل میں لائی گئی، جس میں ایکسائز انسپکٹر خیر جان بلوچ، سب انسپکٹر عبدالرحمٰن بلوچ اور کانسٹیبلان مصری عمرانی، فتح خان لہڑی، عبدالحق جتیانی، محمد راحیم ساسولی اور وکیل احمد نے حصہ لیا ایکسائز انسپکٹر خیر جان بلوچ نے کہا کہ منشیات کی اسمگلنگ کے خلاف کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی نوجوان نسل کو منشیات کے چنگل سے بچانا ہماری اولین ترجیح ہے محکمہ ایکسائز کسی بھی منشیات کے کاروبار کو برداشت نہیں کرے گا، منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے بھاری مقدار میں آئس برآمد کی، جبکہ گرفتار ملزم آصف جمالی کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز کردیا گیا ہے انہوں نے بتایا کہ کارروائی اچانک انسپکٹر طارق نواز لہڑی کے سربراہی میں عمل میں لائی گئی، جس میں ایکسائز انسپکٹر

پشن کے تمام نظام کو فوری طور پر مکمل کمپیوٹرائز اور آن لائن کیا جائے



ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر بروری کا خاصہ امرکیل گورنمنٹ کے مکمل ہونے والے ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کررہے ہیں

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ بلیچر کا فوتی نواں گلی میں حاجی جعفر کاکڑ کے انتقال پر اُنکے لواحقین سے تعزیت اور فاتحہ خوانی کررہے ہیں

عوامی مینڈیٹ کی حرمت کو ریاستی نظام کی بنیاد بنایا جائے، مولانا عبدالواسع

قومی میثاق پر بلاامتیاز علمبردار آمد ہی ملک کو سیاسی بحران سے نکال سکتا ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع اور جنرل سیکرٹری مولانا آغا نعمت اللہ ترکئی نے کہا ہے کہ خود ساختہ قریبی اپنے آئینی اصولوں، قومی وقار اور جمہوری مینڈیٹ پر سودے بازی نہیں کرتیں، آئین پاکستان ریاستی نظم و تمام اکائیوں اور قوموں کا اتفاق ہے۔ آئین پر ملک کی بقا، امن اور سب سے بڑھ کر عوام کے حق حکمرانی کی ضمانت ہے۔ آئین پر ملک کی بقا، امن اور سب سے بڑھ کر عوام کے حق حکمرانی کی ضمانت ہے۔ آئین کی روح سے ہی ریاست کے تمام ادارے اپنے اپنے دائرہ اختیار میں کام کرنے کے پابند ہیں۔ ہر ادارہ اپنی حدود سے تجاوز کرے گا تو ریاستی توازن بگڑے گا اور ملک عدم استحکام کا شکار ہوگا۔ ہم سمجھتے ہیں کہ ایک ادارے کی مضبوطی دوسرے ادارے کی کمزوری نہیں بلکہ ریاست کی مضبوطی ہے۔ ہر ادارہ اپنی حدود میں رہ کر ہی ملک کو مضبوط بنا سکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے مرکزی سیکرٹریٹ میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم ایک ایسے نظام کے خواہاں ہیں جس میں ہر ادارہ اپنی آئینی حدود میں رہ کر کام کرے، کسی ادارے کو دوسرے کے دائرہ اختیار میں مداخلت کی اجازت نہ ہو۔

1

بقیہ

میں ایک کینٹ کو کشادہ بنایا، جہاں ملے سے دو نوجوان لڑکیوں سمیت تین افراد کی آتشیں نظاں گئیں۔ روس کے زیرِ قبضہ زاپوریژیا کے ایک اور ماسکو اور خطے دوبارہ تعمیر کرنے کے قابل بنانے کے ایک اقدامات کرتا ہوں۔ انہوں نے بتایا کہ اس وقت دیا جبر میں 11 کروڑ 70 لاکھ سے زیادہ افراد تنازعات، تشدد، قطع ستم اور دیگر خطرات کے باعث اپنے گھروں سے نقل مکانی پر ایسے وقت میں جاری ہیں جب روس اور یوکرین میں لڑائی جنگ پائچویں سال میں داخل ہوچکی ہے اور حالیہ مہینوں میں شہری حالوں پر حملوں میں شدت آئی ہے۔ اقوام متحدہ کے مطابق 2026 کے پہلے 7 ماہ میں یوکرین میں شہری ہلاکتوں اور زخمیوں کی تعداد پورے 2025ء کے مقابلے میں زیادہ ہے۔ اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے سربراہ کے مطابق جولائی 2026ء میں یوکرین میں کم از کم 437 شہری ہلاک اور 2,610 زخمی ہوئے، جو اپریل 2022ء کے بعد کسی ایک ماہ میں شہری ہلاکتوں کی بلند ترین تعداد تھی۔ اسی ہفتے سفارتی سطح پر جنگ بندی کی کوششیں بھی جاری ہیں۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے دوران ایک بار پھر کہا کہ ماسکو اور کیف کے درمیان جنگ کے خاتمے کا معاہدہ ہونے والا ہے۔ تاہم دونوں صورتحال میں مسلسل حملوں کے باعث فوری جنگ بندی کے امکانات بدستور غیر یقینی دکھائی دیتے ہیں۔ کیف میں روسی حملوں سے متاثرہ رہائشی علاقوں میں شہری اپنے گھروں سے ملبہ ہٹانے میں مصروف ہیں۔ متاثرہ شہریوں کے مطابق مسلسل ڈرون حملوں کے باعث وہ اپنے گھروں کی بحالی کا کام بھی مکمل نہیں کر پا رہے۔ بعض افراد کو بار بار ملبہ ہٹانے کے بعد دوبارہ تعمیر کا کام شروع کرنا پڑا ہے۔ یہ صورتحال ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب روس اور یوکرین کے درمیان جنگ بندی کے لیے امریکی کوششوں کے باوجود کوئی بڑی پیش رفت سامنے نہیں آ سکی۔ ٹرمپ نے حال ہی میں کہا تھا کہ امن معاہدہ ''بہت قریب'' ہے، تاہم ماسکو اور کیف کی جانب سے ابھی تک کسی حتمی سمجھوتے کا اعلان نہیں کیا گیا۔

2

بقیہ

ہوں گے۔ اس سے صارفین کو سی ٹریفک قانون کی خلاف ورزی سے متعلق میسجز موصول ہوں گے۔ پیغام میں صارف کو متعلقہ ٹریفک قانون کی خلاف ورزی، وقت اور مقام کی تفصیل دی جائے گی۔ ساتھ ہی صارف کو ایک لنک بھیجا جائے گا، جس پر کلک کرنے سے متعلقہ ٹریفک قانون کی ویڈیو دیکھی جا سکے گی۔ ٹریفک پولیس کے مطابق اس اقدام کا مقصد شہریوں کو ٹریفک قوانین سے آگاہ کرنا اور سڑکوں پر ڈسپلن کو بہتر بنانا ہے۔ ابتدائی مرحلے میں یہ سہولت صرف ایک ہزار صارفین کو دی جائے گی، جن کا انتخاب بے ترتیب طریقے سے کیا جائے گا۔ اگر یہ تجربہ کامیاب رہا تو اس کا دائرہ کار بڑھا دیا جائے گا۔ ٹریفک پولیس کے ترجمان کا کہنا تھا کہ اس اقدام کا مقصد جرمانے عائد کرنا نہیں بلکہ شہریوں کو ٹریفک قوانین سے آگاہ کرنا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ جب شہری قوانین سے آگاہ ہوں گے تو وہ خود بھی ان پر عمل کریں گے، جس سے حادثات میں کمی آئے گی۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ اس منصوبے کے لیے ٹریفک پولیس نے ایک ایسا سافٹ ویئر تیار کیا ہے جو ٹریفک کیمروں کی مدد سے خلاف ورزی کرنے والی گاڑی کی نمبر پلیٹ کو خود بخود پہچان لے گا۔ اس کے بعد متعلقہ گاڑی کے مالک کو خلاف ورزی کی ویڈیو اور جرمانے کی تفصیل بھیج دی جائے گی۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ اس سافٹ ویئر کی مدد سے ٹریفک پولیس کے اہلکاروں پر کام کا بوجھ کم ہوگا اور وہ زیادہ مؤثر طریقے سے ٹریفک کنٹرول کر سکیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس سافٹ ویئر کی مدد سے ٹریفک پولیس کے اہلکاروں پر کام کا بوجھ کم ہوگا اور وہ زیادہ مؤثر طریقے سے ٹریفک کنٹرول کر سکیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس سافٹ ویئر کی مدد سے ٹریفک پولیس کے اہلکاروں پر کام کا بوجھ کم ہوگا اور وہ زیادہ مؤثر طریقے سے ٹریفک کنٹرول کر سکیں گے۔

3

بقیہ

میں سعودی عرب کے سفیر محمد بن عبداللہ الہرفی، سعودی عرب کے مختلف سرکاری اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ تقریب میں وفدوں نے یوکرین کے مختلف شہروں میں فیتیوں کے انعامات تقسیم کیے گئے، جبکہ دمیڈیا نمائندوں کو بھی مختلف اعزازات سے نوازا گیا۔

4

بقیہ

کی تقریباً 3,000 یوکرین ضیافتی ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ہلاکتوں کے بعد پوٹس کے تحقیقاتی عملہ تشکیل دیدی گئی ہے جبکہ مختلف مقامات پر چھاپے مارکر 19 افراد کو حراست میں لیا گیا ہے۔

5

بقیہ

جملے کی وضاحت کیا ہوں، بلوا اسی کی جانب سے تفصیلات نہیں بتائی گئی تھی۔ اسرائیلی حکام کا کہنا تھا کہ سیکیورٹی الرٹ اداروں نے ٹپ نہیں پہنچا تھا، امریکی اخبار کے مطابق اسرائیلی وزیراعظم نے خفیہ سیکیورٹی الرٹ جاری کی تھی۔ مقامات پر کارروائی کی۔ سیکیورٹی الرٹ اداروں کی کوششوں کا کہنا تھا کہ ہم یہ جانتے ہیں کہ اگر ہم پوچھ گچھ نہ کرتے، ذخیرہ ہیں۔ پیٹن کے مطابق روسی جاسوسوں کے تحت کارروائی کے نتیجہ میں 100 سے زائد بحری جہازوں کو نقصان پہنچایا ہے۔

6

بقیہ

کے لیے منتخب کیے گئے شہریوں میں ملازمین اور وفد کے ارکان سے متعلق قواعد میں تبدیلی کر دی ہے۔ کابینہ کی قرارداد صدر 318 کے حوالے سے سرکاری گزٹ ام القریٰ نے تفصیلات جاری کی ہیں جن میں قوانین اور انتظامات کی منظوری دیتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ مملکت میں جدید ہوا اور ٹیکنالوجی کے لیے خصوصی کے شعبوں کے ملازمین اور ان کے خاندانوں کے حقوق کا تحفظ کس طرح کیا جائے گا۔ نئی ترامیم میں کہا گیا ہے کہ ملازمت کی مدت کو تبدیلی یا ترک کر دیا جائے گا۔ ملازمت میں تصور کیا جائے گا، بلکہ اداره کا ملازمت کے دوران انتظامیہ کے ساتھ کام کرنے کے دوران ملازم کو ملنے والی آخری تنخواہ کی بنیاد پر ادا کیا جائے گا۔

7

بقیہ

دی ہیں، جبکہ متعدد عرب امارات نے ایرانی میزائلز کی تمام پروازیں معطل کر دی ہیں۔ دبئی ایئرپورٹ کے مطابق مسافر پروازیں کی بڑی تعداد کے باعث، جہاں ایرانی مسافروں کی بڑی تعداد کے ساتھ دنیا بھر کے مسافر بھی ہیں۔ ایران نے کاروباری روابط بھی موجود ہیں۔ ایران نے بیکاری شیخ پر بھی دباؤ بڑھایا ہے۔ حالیہ اقدامات کے تحت متعدد عرب امارات کے مرکزی بینک نے ایران کے بینک کی شاخوں سے آنے اور جانے والی بعض مالی لین دین کو سرمیاں روک دی ہیں، جبکہ ترکیہ نے ایرانی ایئر لائنز کے آپریشن سے متعلق بھی کاروائی کی ہے۔ امریکی محکمہ خزانہ پہلے ہی آپریشن آئنک کے آڈٹ کے خلاف متعدد پابندیاں عائد کر چکا ہے۔ ایرانی حکام کا کہنا تھا کہ اس ہم مقصد ایران کی ان مالی اور تجارتی سرگرمیوں کو بڑی حد تک روک دی ہیں، جبکہ ترکیہ نے ایرانی ایئر لائنز کے آپریشن سے متعلق بھی کاروائی کی ہے۔ امریکی محکمہ خزانہ نے بتایا کہ مختلف اداروں، سیکیورٹی اور انٹیلی جنس کے ذریعے ایرانی اثاثوں کو منجمد کرنے کے لیے متعارف کرایا گیا ہے۔ امریکی حکام کا کہنا تھا کہ اس اقدام سے ایران کی غیر قانونی سرگرمیوں کو بڑی حد تک روکا جا سکے گا۔ ایران کے مطابق اگر امریکا یہ منصوبہ قبول کرتا ہے تو ایران 72 روز میں آبنائے ہرمز کھول دے گا۔

8

بقیہ

جبکہ واٹسے کی مزید تحقیقات جاری ہیں۔ تاہم تفتیش کے صدر قاسم وزمارت تو کالیف ایجنسی کے ساتھ کئی دہائیوں سے کام کر رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ اس معاملے میں ان کی ٹیم کا کہنا ہے کہ ان کے پاس کوئی ایسا ثبوت نہیں ہے جس سے یہ ثابت ہو کہ ایران نے ایران کے ساتھ تعاون کیا ہو۔ ان کا کہنا تھا کہ اس معاملے میں

1

موجود تھے۔ قبل ازیں طالبات میں مقابلہ بیت بازی بھی ہوا جس میں ایک ٹیم کے اراکین طالبات کو ترجمان اور معاشرے نے کہا کہ اسپ انسانی معاشرے کا ایسا جزو ہے جو زندگی کی کسی روزمرہ حقیقتوں کو بھی حسن اور تربیت سے بیان کرنے کا ہنر رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے نوجوانوں کو تحریر کی حقیقتوں کی طرف راغب کرنے کے لئے ہمیں اس طرح کے مقابلہ جات کا انعقاد کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے نوجوان ہی ہمارا اصل اثاثہ ہیں اور ہمیں ان کو تحریر کی اہمیت سے روشناس کرانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنے اسلاف کی تاریخ کو بھی پڑھن

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل 21 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کی اختتامی تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

حسب کے ترقیاتی منصوبوں میں تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی، زہری

میر علی حسن زہری کی زیر صدارت حب میں جاری ترقیاتی منصوبوں، ماسٹر پلان اور دیگر عوامی فلاحی اسکیموں کے حوالے سے اہم اجلاس، مختلف محکموں کے متعلقہ افسران نے شرکت کی

جاری ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے حب کو خوبصورت، منظم اور جدید ماڈل شہر بنانے میں مدد ملے گی، کام کے معیار پر سمجھوتہ بھی قابل قبول نہیں، سینئر صوبائی نائب صدر پی پی پی

حب (آن لائن) سینئر مرکزی رہنما پاکستان پیپلز پارٹی، ترجمان صدر آصف علی زرداری وسینئر صوبائی نائب صدر پی پی پی بلوچستان میر علی حسن زہری کی زیر صدارت حب میں جاری ترقیاتی منصوبوں، ماسٹر پلان اور دیگر عوامی فلاحی اسکیموں کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں مختلف محکموں کے متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں پی ڈی ماسٹر پلان حب، ایکسین بی اینڈ آر روڈز، ایکسین بی اینڈ آر بلڈنگز، ایکسین پبلک ہیلتھ انجینئرنگ اور ایس ڈی او لوکل گورنمنٹ سمیت دیگر متعلقہ حکام شریک ہوئے۔ اجلاس کے دوران پی ڈی ماسٹر پلان حب کی جانب سے شہر کے ماسٹر پلان کے تحت جاری مختلف منصوبوں، ان پر ہونے والی پیش رفت اور مستقبل کے لائحہ عمل کے حوالے سے میر علی حسن (بقیہ نمبر 18 صفحہ 7 پر)

موجودہ پُرفتن دور میں علماء کی صحبت و رہنمائی ہی نجات کا ذریعہ ہے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

نوجوانوں کی دینی و اخلاقی تربیت اور انہیں اکابر کی روشن روایات سے وابستہ رکھنا وقت کی اہم ضرورت ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، ڈپٹی سیکرٹری جنرل حاجی بشیر احمد کاکڑ، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، حافظ شیر احمد مدنی، سید حاجی عبدالواحد آغا، حافظ مسعود احمد، حاجی محمد قاسم خلجی، حاجی ولی محمد بڑیچ، صفی اللہ مینگل اور شاہ زاہد مشوانی نے کہا ہے کہ کارکنان جماعتی فکر و پیغام کو عام کرنے کے لیے گھر گھر رابطہ کریں اور عوام تک جمعیت علماء اسلام کا پیغام پہنچائیں۔ موجودہ پُرفتن دور میں علماء کرام اور اہلِ حق کی صحبت و رہنمائی انسان کے لیے ہدایت اور نجات (بقیہ نمبر 19 صفحہ 7 پر)

بلوچستان قدرتی حسن، تاریخی ورثے سے مالا مال صوبہ ہے، فیصل جمالی

طویل ساحلی پٹی، دلکش پہاڑی سلسلے، تاریخی مقامات اور قدیم ثقافتی روایات سیاحوں کے لیے خصوصی کشش کا باعث ہیں

اوستہ محمد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے بلوچستان یوم سیاحت کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ بلوچستان قدرتی حسن، تاریخی ورثے اور منفرد ثقافت سے مالا مال صوبہ ہے، جہاں طویل ساحلی پٹی، دلکش پہاڑی سلسلے، تاریخی مقامات اور قدیم ثقافتی روایات سیاحوں کے لیے خصوصی کشش کا باعث ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پائیدار سیاحت کو فروغ دے کر نہ صرف صوبے کے قدرتی و ثقافتی حسن کو ملکی اور عالمی سطح پر اجاگر کیا جا سکتا ہے بلکہ مقامی آبادی کے لیے روزگار (بقیہ نمبر 20 صفحہ 7 پر)

ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفس کوئٹہ میں ناانصافیوں اور ظلم کا خاتمہ کیا جائے، نور محمد شاہوانی

ٹرانسپورٹروں کے اجلاس میں وزیر اعلیٰ بلوچستان، سیکریٹری ایکسائز اور ڈی جی ایکسائز سے مطالبہ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے مرکزی صدر حاجی نور محمد شاہوانی نے مشیر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن حاجی محمد خان لہڑی اور سیکرٹری سید ظفر بخاری سے مطالبہ کیا ہے کہ ٹرانسپورٹروں کو گاڑیوں کی ٹرانسفر اور سمارٹ کارڈ کے حصول میں تاخیر کا نوٹس لیتے ہوئے اس عمل کو فوری طور پر بروقت مکمل کرنے کیلئے اقدامات اٹھا کر ٹرانسپورٹروں اور گڈز مالکان کو مشکلات سے نجات دلائی جائے بصورت دیگر ہم احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے یہ بات انہوں نے گزشتہ روز ہزار گنجی میں اپنے دفتر میں ٹرانسپورٹروں کے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے (بقیہ نمبر 21 صفحہ 7 پر)

حب، میر علی حسن زہری حب میں جاری ترقیاتی منصوبوں، ماسٹر پلان و دیگر عوامی فلاحی اسکیموں کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صحت بنیادی عوامی خدمت ہے، کوئی تجارتی کاروبار نہیں، پی ایم اے

ڈاکٹر اور نجی طبی ادارے پہلے ہی باقاعدگی سے انکم ٹیکس ادا کر رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن بلوچستان نے ایف بی آر کی جانب سے ڈاکٹروں اور نجی طبی اداروں پر نافذ کیے گئے نئے ٹیکس نظام کے خلاف پی ایم اے مرکز کی 30 ستمبر کو ملک گیر ہڑتال اور طبی مراکز کی بندش کی کال کی بھرپور اور مکمل حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ پی ایم اے بلوچستان کے صدر ڈاکٹر نعیم زرکون اور پوری کابینہ اس فیصلے کے ساتھ کھڑی ہے۔ ترجمان پی ایم اے بلوچستان نے اپنے بیان میں کہا کہ صحت ایک بنیادی عوامی خدمت ہے، کوئی تجارتی کاروبار نہیں۔ ایف بی آر کی جانب سے طبی خدمات کو ریٹیل (بقیہ نمبر 28 صفحہ 7 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل 21 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کی اختتامی تقریب کے شرکاء میں اسناد تقسیم کر رہے ہیں

بلوچستان پاکستان کو مشرق وسطیٰ و دیگر خطوں سے جوڑنے کا صلاحیت ہے، جعفر خان مندوخیل

گوادر اور دیگر ساحلی علاقوں سے لے کر معدنی اور زرعی خطوں تک، صوبے کے مختلف حصے پاکستان کی معاشی ترقی اور خطے کی رابطہ کاری میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں، جعفر خان مندوخیل

ورکشاپ سے حاصل علم، تجربے اور بصیرت کو اداروں اور معاشرے میں مثبت تبدیلی کیلئے بروئے کار لایا جائے، ایکسویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کی اختتامی تقریب شرکا میں اسناد اور یادگاری شیلڈز تقسیم

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے ایکسویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان سے خطاب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس ورکشاپ میں آپ نے ماہرین کے علم، تجربے اور بصیرت سے بھرپور استفادہ کیا ہوگا اور باہمی مکالمے اور مشاورت کے ذریعے بلوچستان اور پاکستان کو درپیش اہم چیلنجز کا بہتر ادراک حاصل کیا ہوگا لہٰذا اب اس اجتماعی دانش کو عملی اقدامات میں تبدیل کرنا ہی اس ورکشاپ کی حقیقی کامیابی ہوگی۔ میں 21 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے منتظمین اور تمام معزز شرکاء کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ اس ورکشاپ کے فکری مباحث اور کورس بلوچستان اور پاکستان کی پائیدار ترقی کیلئے عملی رہنمائی فراہم کریگی۔ اس موقع پر بریگیڈیئر خاقان سرور بھی موجود (بقیہ نمبر 4 صفحہ 7 پر)

تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے سازگار ماحول پیدا کرنا ناگزیر ہے، سیدال خان ناصر

موجودہ سیاسی و عسکری قیادت خطے میں امن و سلامتی کے فروغ، کشیدگی میں کمی کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے

کوئٹہ +اسلام آباد (این این آئی) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر سے پارلیمنٹ ہاؤس میں مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والی نامور شخصیات، وکلاء، ڈاکٹرز، قبائلی نمائندین، سول سوسائٹی کے نمائندوں اور مختلف چیمبرز آف کامرس کے نمائندگان نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ملک کی موجودہ سیاسی و معاشی صورتحال، تجارت و سرمایہ کاری کے فروغ، ملکی سلامتی اور بین الاقوامی سطح پر سیکیورٹی و امن و امان کی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا کہ (بقیہ نمبر 6 صفحہ 7 پر)

منشیات کی اسمگلنگ نوجوان نسل، معاشرے اور معیشت کیلئے سنگین خطرہ ہے، سینیٹر محمد عبدالقادر

پاکستان نیوی سمندری حدود میں منشیات کی اسمگلنگ، غیر قانونی تجارت اور دیگر جرائم کی روک تھام کی صلاحیت رکھتی ہے

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ بحیرہ عرب میں پاک بحریہ کی انسداد منشیات کی ایک بڑی کاروائی نے پاکستان کی بحری سلامتی اور خطے میں غیر قانونی منشیات کی اسمگلنگ کے خلاف جاری عالمی کوششوں میں اہم کامیابی حاصل کی ہے۔ میری ٹائم سیکیورٹی آپریشنز کے تحت پی این ایس حنین اور پی این ایس یرموک نے ایک مشکوک ماہی گیر کشتی کو کارروائی کا نشانہ بناتے ہوئے 2,800 کلوگرام سے زائد منشیات قبضے میں لے لیں، جنکی عالمی منڈی میں مالیت 750 ملین امریکی ڈالر ہے۔ (بقیہ نمبر 7 صفحہ 7 پر)

ڈیرہ مراد جمالی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 2 افراد ہلاک ایک زخمی

مستونگ کے علاقے کھڈ کوچہ میں نامعلوم افراد نے دھماکہ خیز مواد سے سکول کی عمارت کو اڑا دیا

کوئٹہ (آن لائن) مستونگ کے علاقے کھڈ کوچہ میں نامعلوم افراد نے دھماکہ خیز مواد سے سکول کی عمارت کو اڑا دیا جس سے متعدد کمرے زمین بوس ہوگئے اور عمارت کو شدید نقصان پہنچا تاہم کوئی جانی و مالی نقصان نہیں ہوا۔ مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔ ڈیرہ مراد جمالی کے علاقے میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 2 افراد ہلاک اور ایک زخمی ہوگیا نعشوں اور زخمی کو ہسپتال (بقیہ نمبر 9 صفحہ 7 پر)

کوئٹہ، آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین ملک عبدالغفار مندوخیل، میر عبدالسلام لانگو، ملک مجیب مہتر زئی اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

عالمی یوم سیاحت پر محکمہ ٹورازم بلوچستان کے زیر اہتمام تقریب

صوبے کے ثقافتی و تاریخی ورثے اور سیاحتی امکانات کو اجاگر کرنے پر زور

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے وژن، پارلیمانی سیکریٹری برائے سیاحت و ثقافت نوابزادہ میر زرین خان مگسی اور سیکریٹری کلچر و سیاحت حمید اللہ خان ناصر کی ہدایات کی روشنی میں محکمہ ٹورازم بلوچستان کے زیر اہتمام عالمی یوم سیاحت کے موقع پر اہم تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کا مقصد بلوچستان کے شاندار ثقافتی و تاریخی ورثے، قدرتی حسن اور وسیع سیاحتی امکانات کو اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ صوبے میں سیاحت کے فروغ کے لیے جاری اقدامات کو مزید مؤثر بنانا تھا۔ تقریب میں ڈائریکٹر جنرل خانہ فرہنگ ایران (بقیہ نمبر 12 صفحہ 7 پر)

بلوچستان کے عوام کا بنیادی حق ان کا حقِ رائے دہی ہے، مولانا عبدالواسع

بلوچستان کی نمائندگی بند کمروں اور نجی ہوٹلوں میں نہیں بلکہ عوام کے ووٹ اور حقیقی مینڈیٹ سے ہوتی ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع اور جنرل سیکرٹری مولانا آغا محمود شاہ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام کا سب سے پہلا اور بنیادی حق ان کا حقِ رائے دہی ہے، لیکن بدقسمتی سے عوام سے یہی حق چھین کر اس کے بعد صوبے کے سائل و وسائل، معدنی ذخائر اور اجتماعی حقوق پر سمجھوتوں کی راہ ہموار کی جا رہی ہے۔ عوام کے ووٹ اور حقیقی مینڈیٹ کو نظر انداز کر کے مصنوعی سیاسی کھیپ تیار کرنا دراصل بلوچستان کے عوام کے حقِ حاکمیت پر حملہ ہے، جس کے ذریعے صوبے کے وسائل پر قبضے اور حقوق پر شب خون مارنے کی راہ (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7 پر)

قوم اور سیکورٹی فورسز دہشت گردی کے مکمل خاتمے کیلئے متحد ہیں، سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری

دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو کسی صورت اپنے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کی چیئرپرسن سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے ڈیرہ اسماعیل خان کے درازندہ علاقے میں پولیس اور کسٹمز کی مشترکہ چیک پوسٹ پر خودکش حملے کی شدید مذمت اور رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے اپنے مذمتی بیان میں مذکورہ خودکش حملے کے نتیجے میں شہید ہونے والے سیکیورٹی اہلکاروں اور شہریوں کے اہلِ خانہ سے دلی تعزیت اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی ہے۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ ڈیرہ اسماعیل خان میں سیکیورٹی چیک پوسٹ کو نشانہ بنانا دہشت گردوں (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7 پر)

ہمارے سیاست کا محور عوام کی ترقی خوشحالی اور ان کی طرز زندگی میں بہتری ہے، علی مدد جتک

علاقے میں بنیادی مسائل کے حل کے لیے ترجیحی اقدامات اٹھا رہے ہیں، رکن صوبائی اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے کہا ہے کہ ہمارے سیاست کا محور عوام کی ترقی خوشحالی اور ان کی طرز زندگی میں بہتری ہے پیپلز پارٹی جب بھی اقتدار میں آئی بلوچستان میں ترقی کے طریقے کھلے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے مشرقی بائی پاس سبی شاہراہ کی تعمیر اور توسیع کے منصوبوں کے افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر کمانڈر ملا عبید اللہ بڑیچ، حاجی محمد گل شاہوانی، نکری حمید ہنگوئی، حاجی نور محمد رخشانی، انور مینگل، ڈاکٹر راشد قریشی اور دیگر بھی موجود تھے حاجی علی مدد جتک نے خطاب کرتے (بقیہ نمبر 3 صفحہ 7 پر)

تربت کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد پولیس کانسٹیبل کو اغواء کر کے لے گئے

کوئٹہ (آن لائن) تربت کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد پولیس کانسٹیبل کو اغواء کر کے لے گئے پولیس ذرائع کے (بقیہ نمبر 39 صفحہ 7 پر)

سریاب کے مسائل کے حل اور ترقیاتی امور پر بھرپور توجہ دی جائے گی، میر جمال رئیسانی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و رکن قومی اسمبلی نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے کہا ہے (بقیہ نمبر 5 صفحہ 7 پر)

ادبا و شعرا معاشرے کا حساس طبقہ ہیں جو اپنے قلم سے نہ صرف مسائل کو اجاگر کرتے ہیں، آمنہ سومرو

کوئٹہ (آن لائن) ہیلپر ز پبلک اسکول اینڈ کالج گرلز کیمپس کی پرنسپل ڈاکٹر آمنہ سومرو نے کہا ہے کہ ادبا و شعرا معاشرے کا حساس طبقہ ہیں جو اپنے قلم سے نہ صرف مسائل کو اجاگر کرتے ہیں بلکہ تہذیب ثقافت اور زبانوں کے فروغ کے لئے ان جاندار کردار قابل ستائش ہے یہ باتیں انہوں نے اسکول کے زیر اہتمام منعقدہ فن گالا کے موقع پر ادبی نشست کے شرکا سے کیں اس موقع پر ہیلپر ز پبلک اسکول اینڈ کالج بوائز کیمپس کے پرنسپل پروفیسر آصف اختر، بلوچستان ریفارمز (بقیہ نمبر 8 صفحہ 7 پر)

انڈسٹریل پولیس کی بروقت کارروائی، ہوائی فائرنگ کرنے اور مفرور ملزم سمیت 2 ملزمان گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) انڈسٹریل پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ہوائی فائرنگ کرنے اور مفرور ملزم سمیت 2 ملزمان کو گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کرلیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی ہدایت پر ایس پی قائد آباد علی رضا، ڈی ایس پی مقصود احمد لغاری کی نگرانی میں ایس ایچ او خیر محمد نے کارروائی کرتے ہوئے ہوائی فائرنگ (بقیہ نمبر 10 صفحہ 7 پر)

12 سالہ طالب علم کے قتل میں ملوث ملزمان کو فوری طور پر گرفتار کیا جائے، محمد ہاشم بڑیچ

کوئٹہ (آن لائن) سیاسی سماجی رہنما، سابق ناظم محمد ہاشم خان بڑیچ نے وزیر اعلیٰ بلوچستان، کمانڈر 12 کور بلوچستان اور آئی جی پولیس سے مطالبہ کیا ہے کہ سمنگلی ایئر بیس کے ہائی سیکورٹی زون میں 12 سالہ طالب علم کے قتل میں ملوث ملزمان کو فوری طور پر گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دیکر انصاف کے تقاضے پورے کیے (بقیہ نمبر 11 صفحہ 7 پر)

ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال زیارت میں ڈائیلاسز مشین کی تنصیب مکمل، باقاعدہ سروس کا آغاز

زیارت (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق صحت بلوچستان نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال زیارت میں ڈائیلاسز مشین کی تنصیب مکمل کر کے باقاعدہ سروس کا آغاز کر دیا ہے۔ ڈائیلاسز مشین کی فراہمی سے ضلع زیارت اور گردونواح کے گردوں کے امراض میں مبتلا مریضوں کو بڑی سہولت میسر آ گئی ہے۔ اس سے قبل مریضوں کو علاج کے لیے کوئٹہ سمیت دیگر شہروں کا رخ کرنا پڑتا تھا جس سے انہیں شدید مالی اور سفری مشکلات (بقیہ نمبر 15 صفحہ 7 پر)

سوراب تبلیغی اجتماع کا باقاعدہ آغاز، ہزاروں افراد کی شرکت

سوراب (آن لائن) سوراب میں سالانہ تبلیغی اجتماع کا باقاعدہ آغاز ہوگیا، جس میں ہزاروں فرزندان اسلام کی شرکت، تبلیغی اجتماع میں عوام کی بڑی تعداد کی آمد کا سلسلہ تاحال جاری ہے، جبکہ مختلف علاقوں سے مزید فرزندان اسلام بھی اجتماع میں شرکت کے (بقیہ نمبر 38 صفحہ 7 پر)

بے گناہ مزدوروں کو نشانہ بنانا افسوسناک ہے، سردار عبدالرحمٰن

دکی میں سڑک تعمیراتی کارکنوں پر حملہ قابلِ مذمت ہے

کوئٹہ (آن لائن) سردار عبدالرحمٰن نے دکی کے علاقے میں سڑک کی تعمیر پر مامور کارکنوں پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیکیورٹی گارڈ کی شہادت اور تعمیراتی کارکنوں کے اغوا کا واقعہ انتہائی افسوسناک اور قابلِ مذمت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بے گناہ اور محنت کش افراد کو نشانہ بنانا کسی صورت قابلِ قبول نہیں، ایسے واقعات سے عوام میں تشویش پیدا ہوتی ہے۔ معصوم مزدور اپنے فرائض انجام دے رہے تھے اور انہیں نشانہ بنانا افسوسناک اقدام ہے۔ سردار عبدالرحمٰن نے کہا کہ دہشت گردی کی کارروائیاں بلوچستان میں (بقیہ نمبر 16 صفحہ 7 پر)

گدر سمیت مضافاتی علاقوں میں منافع خوری عروج پر، پوچھنے والا کوئی نہیں

پرائس کنٹرول کمیٹی گزشتہ ایک سال سے غیر فعال، گدر کے عوام بے یار و مددگار

سوراب (آن لائن) گدر سمیت گرد و نواح کے مضافاتی علاقوں میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں من مانے اضافے اور مبینہ منافع خوری کا سلسلہ بدستور جاری ہے، جبکہ عوامی شکایات کے ازالے اور بازاروں میں سرکاری نرخ ناموں پر عمل درآمد یقینی بنانے کے لیے قائم پرائس کنٹرول کمیٹی گزشتہ ایک سال سے غیر فعال ہونے کے باعث صورتحال مزید سنگین ہوتی جا رہی ہے، گدر کے بازار میں اشیائے خورونوش سمیت روزمرہ استعمال کی مختلف اشیا مبینہ طور پر مقررہ نرخوں سے زائد قیمتوں پر فروخت کی جا رہی ہیں، جس سے محدود آمدنی رکھنے والے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، شہریوں کے مطابق دکانداروں کی جانب سے من مانے نرخ وصول کیے جانے کی شکایات کے باوجود مؤثر نگرانی، باقاعدہ نرخ چیکنگ اور کارروائی کا فقدان محسوس کیا جا رہا ہے، پرائس کنٹرول (بقیہ نمبر 17 صفحہ 7 پر)

نصیر آباد فائرنگ سے قبائلی رہنما محافظ سمیت جاں بحق

نوشکی کلی صاحبزادہ روڈ پر فائرنگ، ایک شخص جاں بحق

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیر آباد کے علاقے میں نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے قبائلی رہنما میر نوریز خان عمرانی اپنے محافظ سمیت جاں بحق جبکہ ایک شخص زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق اتوار کو نصیر آباد کے علاقے تمبو بابا کوٹ پولیس تھانے کی حدود میں نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کر کے قبائلی رہنما محافظ عرف محمد کھوسہ کو جاں بحق جبکہ ایک شخص کو زخمی کر دیا اور موقع سے فرار ہوگئے۔ پولیس نے بتایا کہ نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے قبائلی رہنما کو اسوقت نشانہ بنایا جو وہ ایک دعوت سے واپس آ رہے تھے (بقیہ نمبر 23 صفحہ 7 پر)

درخواست گزار نادر غلزئی اور ان کے خاندان کے 5 بلاک شناختی کارڈ ایک ماہ میں کھلوا دیئے

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار نادر غلزئی اور ان کے خاندان کے 5 بلاک شناختی کارڈ ایک ماہ میں کھلوا دیئے گئے۔ درخواست گزار احمد خان نے بتایا کہ نادرا کی جانب سے ان کا اور ان کے خاندان کے 5 شناختی کارڈ بغیر کسی وجہ کے بلاک کر دیے گئے تھے۔ جن کی بحالی کے لیے انہوں نے متعدد بار نادرا دفتر کے چکر کاٹے ثبوت پیش کیے لیکن ان کی کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہٰذا، انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب کوئٹہ کے دفتر سے رابطہ کیا اور متعلقہ محکمے کی تاخیر اور عدم (بقیہ نمبر 22 صفحہ 7 پر)

جامعہ بلوچستان میں اساتذہ کی خالی آسامیوں اور اپ گریڈیشن پر مزید تاخیر ناقابلِ قبول ہے، اکیڈمک اسٹاف

کوئٹہ (آن لائن) اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن، جامعہ بلوچستان کی کابینہ نے اساتذہ کی خالی آسامیوں کو گزشتہ کئی سالوں سے مشتہر نہ کیے جانے اور منظور شدہ اپ گریڈیشن پر عملدرآمد نہ ہونے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ اساتذہ کے جائز اور قانونی حقوق پر مزید تاخیر کسی صورت قابلِ قبول نہیں۔ کابینہ نے کہا کہ اپ گریڈیشن سینیٹ (بقیہ نمبر 26 صفحہ 7 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے مرحوم عبداللہ جان کاسی کے صاحبزادے ملک میر کس خان کاسی کی وفات پر گہرے رنج اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ مرحوم میروائس، شہید ایمل خان کاسی کے بھائی اور ملک فرید کاسی کے چچا تھے اپنے ایک تعزیتی بیان میں گورنر بلوچستان نے (بقیہ نمبر 27 صفحہ 7 پر)

مسلم لیگ (ن) عوام کی بلا رنگ و نسل خدمت کر رہی ہے، رکن قومی اسمبلی

سینئر کارکن پارٹی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، جمال شاہ کاکڑ

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) عوام کی بلا رنگ و نسل خدمت کر رہی ہے سینئر کارکن پارٹی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں انکے جائز مسائل حل کیے جائیں گے مسلم لیگ (ن) کے کارکن پارٹی قائد میاں محمد نواز شریف، وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف کے پیغام کو گھر گھر پہنچائیں۔ یہ بات انہوں نے مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے سینئر رہنما ملک ابرار کی رہائش گاہ آمد پر آمد کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہی اس موقع پر مسلم (بقیہ نمبر 24 صفحہ 7 پر)

صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک مشرقی بائی پاس شاہراہ کی توسیع کے منصوبے کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

موسیٰ خیل کی انتظامی اور سیاسی شناخت مسلسل تبدیلیوں سے گزر رہی ہے، سردار عیسیٰ خان

موسیٰ خیل کو لورالائی ڈویژن سے الگ کر کے کوہ سلیمان ڈویژن میں شامل کرنے کے فیصلے کو مسترد کرتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) ضلع موسیٰ خیل قومی اتحاد کے رہنماؤں سردار عیسیٰ خان موسیٰ خیل اور سردار بہادر خان موسیٰ خیل نے موسیٰ خیل کو لورالائی ڈویژن سے الگ کر کے کوہ سلیمان ڈویژن میں شامل کرنے کے فیصلے کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ اس فیصلے کو کسی صورت قبول نہیں کریں گے کسی بھی انتظامی تبدیلی سے قبل عوام، سیاسی و سماجی نمائندوں اور قبائلی عمائدین کو اعتماد میں لیا جائے۔ انتظامی فیصلے سیاسی یا انتخابات مفادات کی بجائے جغرافیائی حقائق کی بنیاد پر کیے جائیں۔ موسیٰ خیل کی صوبائی اسمبلی نشست انتخابات سے قبل بحال کر کے راڑہ شم اور اندر پڑ کو فوری (بقیہ نمبر 25 صفحہ 7 پر)

کوئٹہ، نیو پہناوا بوتیک اینڈ سلون کے زیر اہتمام دولہنوں کے میک اپ کے مقابلوں کا افتتاح سربراہ نیو پہناوا ڈاکٹر اعجاز خان، ڈاکٹر صفیہ مینگل، فائز مینگل، فاطمہ خان کر رہی ہیں

مائن حادثے میں ہلاک کانکنوں کے لواحقین کو معاوضہ ادا کیا جائے: سلطان خان

حکومت اور مائن مالکان کو ایک کی مائنز میں حادثات کی روک تھام کیلئے حفاظتی اقدامات یقینی بنائیں: عبدالستار

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن اور آل پاکستان لیبر فیڈریشن نے پشاور کے نواحی علاقے حسن خیل کے علاقے بورہ پستہ ونی میں مائن حادثے کے نتیجے میں شانگلہ سے تعلق رکھنے والے تین کان کنوں کی ہلاکت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے جاں بحق کان کنوں کیلئے دعائے مغفرت کی جبکہ حکومت سے مطالبہ کیا کہ جاں بحق کان کنوں کے لواحقین کو فوری طور پر مناسب معاوضہ ادا کیا جائے۔ پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے سیکرٹریٹ سے جاری ہونے والی پریس ریلیز کے مطابق پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن (بقیہ نمبر 34 صفحہ 7 پر)

مسلم لیگ ن کے پرانے کارکن پارٹی کا اثاثہ ہے، سید جہانگیر شاہ

مسلم لیگ (ن) بلوچستان صوبے میں آنے والے انتخابات میں بھرپور کامیابی حاصل کریگی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) سید جہانگیر شاہ نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کے پرانے کارکن پارٹی کا اثاثہ ہے انہیں عزت و احترام دیا جانا چاہئے پارٹی کے قائدین کو چاہئے کہ اگر کوئی بھی پروگرام منعقد ہوتا ہے تو سینئر ساتھیوں کو اس میں دعوت ضرور دی جائے، وفاقی وزیر محسن نقوی کا یہ کہنا درست ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سید جہانگیر شاہ نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے پرانے کارکن پارٹی کا اثاثہ ہے انہیں عزت و احترام دیا جانا چاہئے پارٹی کے قائدین کو چاہئے کہ اگر کوئی بھی پروگرام منعقد ہوتا ہے تو سینئر ساتھیوں کو اس میں دعوت ضرور دی جائے، وفاقی وزیر محسن نقوی کا یہ کہنا کہ ملک اسوقت بدترین بحران کا شکار ہے بالکل درست ہے ہوسکتا ہے کہ ان حالات میں 28-2027ء کا بجٹ پیش نہ کیا جاسکے کیونکہ پاکستان اسوقت عالمی اداروں کا کھربوں روپے کا مقروض ہے اور (بقیہ نمبر 33 صفحہ 7 پر)

علم کو عبادت سمجھ کر پ